# پیرنٹ ایسوسی ایشن (والدین کی تنظیم) کے طور پر موٴثر انداز میں کام کرنا

## بہترین طرز عمل کا حصول

اشاعت **2010**

نیشنل پیرنٹس کاوٴنسل پرائمری
12 مارلبورو کورٹ، ڈبلن 1
National Parents Council Primary
12 Marlborough Court, Dublin 1

## اس کتاب کا استعمال

یہ راہنما نکات ایجوکیشن ایکٹ 1998 کے مطابق والدین اور پورے ملک میں موجود والدین کی تنظیموں (پیرنٹ ایسوسی ایشنز) کی مشاورت سے وضع کئے گئے ہیں اور وزیر تعلیم اور سائنس بھی ان سے متفق ہیں۔

اس اشاعت میں نئی اور تجربہ کار دونوں طرح کی پیرنٹ ایسوسی ایشنز والدین کی تنظیم (پیرنٹ ایسوسی ایشن) کی تشکیل اور اُسے بلا رکاوٹ چلانے کیلئے معاونت کے بارے میں معلومات اور راہنمائی حاصل کریں گی۔ نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری کی رُکن پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو اپنا کام لازماً ان راہنما نکات کے مطابق سرانجام دینا چاہئے۔ یہ کتاب سربراہان مدرسہ (پرنسپلوں) اور بورڈز آف مینجمنٹ (انتظامی امور کی دی**کھ** بھال کرنے والے افراد پر مشتمل جماعتیں) کیلئے بھی ایک مفید راہنما ثابت ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات این پی سی کی ویب سائٹ www.npc.ie پر دستیاب ہیں۔

ہم پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹیز (والدین کی تنظیموں کی کمیٹیوں) کو ان راہنما نکات کے بارے میں تبادلۂ خیالات کی تجویز پیش کرتے ہیں تاکہ پیرنٹ ایسوسی ایشن سکول میں جو اہم شرکتی کردار ادا کرتی ہے اُس کے بارے میں سب کا فہم یکساں ہو۔

نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری
پہلی اشاعت 2000
دوسری اشاعت 2004
تیسری اشاعت 2009

# فہرستِ مشمولات


باب نمبر 1 ۔ تعارف ..... 6
پیرنٹ ایسوسی ایشن (والدین کی تنظیم) کیا ہے؟ ..... 6
پیرنٹ ایسوسی ایشن کی رُکنیت ..... 6
پیرنٹ ایسوسی ایشن کا کردار ..... 6
باب نمبر 2 ۔ پرنسپل، بورڈ آف مینجمنٹ، طلباء اور پوری سکول کمیونٹی کی شراکت میں کام کرنا ..... 8
گھر اور سکول کے درمیان شراکت کیوں ضروری ہے؟ ..... 8
شراکت روبہ عمل ..... 8
شراکت ۔ سکول کی منصوبہ بندی اور تدابیر (پالیسیاں) ..... 10
باب نمبر 3 ۔ والدین کو معاونت اور اختیارات فراہم کرنا ..... 15
باب نمبر 4 ۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنا ..... 18
تعارف ..... 18
مرحلہ وار طرز عمل ..... 18
باب نمبر 5 ۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی (والدین کی تنظیم کی کمیٹی) اور یہ کیسے کام سرانجام دیتی ہے؟ ..... 25
کمیٹی اور کمیونیکشن ..... 25
کمیٹی اور نمائندگی ..... 25
کمیٹی کے اجلاسات منعقد کرنا ..... 25
کمیٹی کا اچھا رُکن کیسے بنا جا سکتا ہے؟ ..... 27
باب نمبر 6 ۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کے مالی امور ..... 30
قانونی پس منظر ..... 30
فنڈز اکٹھے کرنا ..... 30
فنڈز اکٹھے کرنے کے طریقے ..... 31
رضاکارانہ عطیات ..... 31
پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے بیمہ (انشورنس) ..... 31
باب نمبر 7 ۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کانسٹی ٹیوشن( آئین) ..... 33
پیرنٹ ایسوسی ایشن کانسٹی ٹیوشن کیا ہے؟ ..... 33
آئین کا مسودہ تیار کرنا ..... 33
آئین کا نمونہ ..... 34
باب نمبر 8 ۔ سالانہ عمومی اجلاس (AGM) ..... 39
سالانہ عمومی اجلاس کی منصوبہ بندی ..... 39
سالانہ عمومی اجلاس کیلئے لائحہ عمل (ایجنڈ) کا نمونہ ..... 40
باب نمبر 9 ۔ نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری ..... 42
تعارف ..... 42
این پی سی کا اپنے مقاصد کے بارے میں رسمی بیان ..... 42
این پی سی کا بنیادی ڈھانچہ ..... 42
این پی سی کی خدمات ..... 43
باب نمبر 10 ۔ متعدد بار پوچھے جانے والے سوالات (FAQs) ..... 47
ضمیمہ جات ..... 51
ضمیمہ نمبر 1 ۔ ایجوکیشن ایکٹ 1998 سے اقتباسات ..... 51
ضمیمہ نمبر 2 ۔ ایجوکیشن (ویلفئیر) ایکٹ 2000 سے اقتباسات ..... 54
ضمیمہ نمبر 3 ۔ قانون مساوات ..... 55
ضمیمہ نمبر 4 ۔ مفید سرنامے ..... 56
ضمیمہ نمبر 5 ۔ معلومات کے ذرائع ..... 57

# باب نمبر 1 ۔ تعارف

## پیرنٹ ایسوسی ایشن (والدین کی تنظیم) کیا ھے؟

**قانونی پس منظر**

ایجوکیشن ایکٹ 1998 پیرنٹ ایسوسی ایشن کے وجود، پہچان اور مقصد کیلئے قانونی بنیاد فراہم کرتا ھے۔ ایکٹ بیان کرتا ھے کہ

> کسی تسلیم شدہ سکول کے طلباء کے والدین اس سکول کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کر سکتے ہیں اور خود میں سے ہی (اراکین کا انتخاب کر کے) اسے قائم **رکھ** سکتے ہیں اور اُس تنظیم کی رُکنیت کے دروازے اُس سکول کے طلباء کے تمام والدین کیلئے کھُلے ہوں گے۔ **ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (1).-26**
>
> پیرنٹ ایسوسی ایشن بورڈ، پرنسپل، اساتذہ اور سکول کے طلباء کے سا**تھ** مل کر سکول میں طلباء کی دلچسپیوں کو فروغ دے گی اور اس مقصد کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن (الف) سکول سے متعلقہ کسی بھی معاملے میں پرنسپل یا بورڈ کو مشورہ دے سکتی ھے اور متعلقہ پرنسپل یا بورڈ اس طرح کے کسی بھی مشورے کا احترام کرے گا/گی اور (ب) ایسی سرگرمیوں پر مشتمل پروگرام اختیار کر سکتی ھے جو پرنسپل کے مشورے سے سکول کو چلانے میں والدین کی شرکت کو فروغ دے گا۔ **ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (2).-26**
>
> بورڈ سکول، اُس سکول کے طلباء کے والدین اور کمیونٹی کے درمیان رابطے کو فروغ دے گا اور پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنے کے خواہشمند والدین کو اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کے قیام کے بعد خود ایسوسی ایشن کو سہولیات اور ہر طرح کی معقول معاونت فراہم کرے گا۔ **ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (3).-26**

اس ایکٹ سے ہم پُرزور انداز میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ:

- پیرنٹ ایسوسی ایشن وہ بنیادی ڈھانچہ ھے جس کے ذریعے والدین سکول میں اپنے بچوں کیلئے ممکنہ حد تک بہترین تعلیم کیلئے مِل جُل کر کام کر سکتے ہیں۔
- پیرنٹ ایسوسی ایشن گھر اور سکول کے درمیان موئثر شراکت قائم کرنے کیلئے پرنسپل، سکول کے عملہ (سٹاف) اور بورڈ آف مینجمنٹ کے سا**تھ** مل کر کام کرتی ھے۔

## پیرنٹ ایسوسی ایشن کی رُکنیت

> کسی تسلیم شدہ سکول کے طلباء کے والدین اس سکول کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کر سکتے ہیں اور خود میں سے ہی (اراکین کا انتخاب کر کے) اسے قائم **رکھ** سکتے ہیں اور اُس تنظیم کی رُکنیت کے دروازے اُس سکول کے طلباء کے تمام والدین کیلئے کھُلے ہوں گے۔ **ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (1).-26**

سکول کے بچوں کے تمام والدین پیرنٹ ایسوسی ایشن کے رُکن ہوتے ہیں۔ یہ والدین ایک سال سے اگلے سال تک کیلئے اپنی طرف سے کام کرنے کیلئے ایک کمیٹی کا انتخاب کرتے ہیں۔

## پیرنٹ ایسوسی ایشن کا کردار

اگرچہ پیرنٹ ایسوسی ایشن بہت سی سرگرمیوں کا اہتمام کر سکتی ھے، تاہم یہ تمام سرگرمیاں ایسی ہونی چاہیئں جو سکول کے اندر ایسوسی ایشن کے دو اہم مقاصد کے حصول میں اسکی مدد کریں:

- سکول میں بچوں کی بہتری کیلئے پرنسپل، بورڈ آف مینجمنٹ اور پوری سکول کمیونٹی کے سا**تھ** مل کر کام کرنا
- والدین کو اپنے بچوں کی تعلیمی زندگیوں کے بہترین مفاد میں سرگرم ہونے کیلئے معاونت اور اختیارات فراہم کرنا

* اس پوری کتاب میں والدین سے مُراد وہ لوگ ہیں جو ضمیمہ نمبر 1 میں درج والدین کی تعریف پر پورا اترتے ہوں۔

# باب نمبر 2 ۔ پرنسپل، بورڈ آف مینجمنٹ، طلباء اور پوری سکول کمیونٹی کی شراکت میں کام کرنا

## گھر اور سکول کے درمیان شراکت کیوں ضروری ہے؟

گھر اور سکول کے درمیان شراکت اس لئے اہم ہے کیونکہ مثبت اور فعال شراکت کی موجودگی میں بچہ وہ بہترین علم حاصل کر تا ہے جو پرائمری تعلیم پیش کر سکتی ہے۔

تحقیق سے ہم جانتے ہیں کہ:

- جب والدین اور اساتذہ ایک دوسرے کے قریب ہو کر اکٹھے کام کرتے ہیں اور جب والدین اپنے بچوں کو گھر پر معاونت فراہم کرنے کے قابل ہوتے ہیں اُس وقت بچے بہتر کارکردگی اور طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہیں اور سکول میں نسبتاً زیادہ خوش رہتے ہیں۔
- اساتذہ کو اگر والدین کا تعاون حاصل ہو اور وہ اُن کے قریب ہو کر مل جُل کر کام کریں تو وہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔
- والدین کو اگر دوسرے والدین کی معاونت حاصل ہو تو وہ بہتر طور پر کام کر سکتے ہیں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کسی سکول میں وہ اہم نظام ہے جو گھر اور سکول کے درمیان شراکت کی حوصلہ افزائی کر سکتا ہے۔

## شراکت رو بہ عمل

**تعارف**

سکول حصول علم کی بستی ہے۔ یہ بستی یا کمیونٹی طلباء، سٹاف، بورڈ آف مینجمنٹ اور سکول کے بچوں کے والدین پر مشتمل ہوتی ہے۔ یہ سب سکول میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں اور ان کو عام طور پر فریقین (stakeholders) کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اگر ان تمام حصہ داروں کو بچوں کے فائدے کیلئے اچھے طریقے سے مل کر کام کرنا ہے تو ان کے درمیان روابط اور تعلقات لازماً واضح اور موثّر ہونے چاہئیں۔

یہ بات نہایت اہم ہے کہ سکول میں ہر کام باہمی تعاون سے سرانجام دیا جائے۔ فریقین کے درمیان اچھے تعلقات کا انحصار ان کے درمیان اچھی کمیونیکیشن (ایک دوسرے تک اپنے نظریات، خیالات، معلومات اور پیغامات پہنچانے کا عمل) پر ہے۔ جب سب مل جُل کر کام کرتے ہیں تو سکول اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

والدین کی جانب سے پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو اس بات کو لازماً یقینی بنانا چاہئے کہ سکول کی کمیونٹی میں موجود دیگر تمام والدین کے ساتھ اس کے اچھے روابط ہوں تاکہ

- بچوں اور سکول کیلئے یکساں اہداف اور توقعات ہوں اور
- ایک دوسرے کے کام اور ذمہ داریوں کے بارے میں سب کا فہم یکساں ہو۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن اور سربراہِ مدرسہ (پرنسپل) کے درمیان شراکت**

سکول میں پرنسپل کا کردار مرکزی ہوتا ہے۔ وہ سکول کے روز مرہ کے نظم و نسق کا/کی ذمہ دار ہوتا/ہوتی ہے اور ایک اہم قائدانہ کردار ادا کرتا/کرتی ہے۔ پرنسپل سے اس بات کی توقع بھی کی جاتی ہے کہ وہ سکول کی ضروریات کو سب سے بہتر سمجھتا/سمجھتی ہے اور ایجوکیشن ایکٹ 1998 کے مطابق طلباء کے والدین کی سکول (کے معاملات) میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا اس کی ذمہ داری ہے۔

اس لئے یہ ناگزیر ہے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن اور پرنسپل آپس میں ایک اچھا فعال تعلق قائم کریں اور ایک دوسرے تک اپنی بات کے ابلاغ کیلئے ایک اچھا نظام وضع کریں۔

جب ایک دوسرے تک اپنی بات کے ابلاغ کیلئے کسی نظام کی منصوبہ بندی ہو جائے تو دونوں فریقین کیلئے اس کی کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے وقتاً فوقتاً اس کا جائزہ لینا اہمیت کا حامل ہو گا۔

کمیونیکیشن زیادہ تر پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی اور پرنسپل کے درمیان ہوتی ہے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن مندرجہ ذیل طریقوں سے اپنی بات پرنسپل تک پہنچا سکتی ہے۔

- پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے اور سکول کی تعمیر و ترقی کے منصوبوں سے متعلق معلومات میں شریک کرنے کیلئے پورا سال متعلقہ اجلاسات میں پرنسپل کو مدعو کرنا
- اگر کسی اجلاس میں پرنسپل شرکت نہیں کرتا/کرتی تو ایسے ہر اجلاس سے پہلے اور بعد میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کا/کی سربراہ (اور سیکرٹری) پرنسپل (اور ڈپٹی پرنسپل) سے ملاقات کر سکتا/سکتی ہے۔
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اجلاس کے باہمی مشاورت سے طے کردہ کسی مخصوص متعلقہ حصے میں پرنسپل کو دعوت نامے کے ذریعے شرکت کی دعوت دینا
- پرنسپل کی رضامندی سے پرنسپل کو پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تمام اجلاسات میں دعوت نامے کے ذریعے شرکت کی دعوت دینا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کی جانب سے سکول کی پالیسی کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں اکٹھی کی جانے والی والدین کی آراء کے بارے میں تحریری یا زبانی خیالات کا اظہار کرنا مثلاً مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط، (سکول میں بچوں کے ساتھ دوسرے بچوں کی طرف سے کی جانے والی ) غنڈہ گردی یا دھونس، ہوم ورک، سکول کی وردی وغیرہ
- پرنسپل کو معلومات میں شریک کرنا مثلاً پیرنٹ ایسوسی ایشن کی تقریبات کی تفصیلات پر مشتمل کیلنڈر
- مخصوص منصوبوں مثلاً کھیلوں کے دنوں، کرسمس کے میلوں اور (کسی خیراتی کام کیلئے رقم جمع کرنے کی غرض سے) دستکاریوں کے بازاروں کے انعقاد کے سلسلے میں کام کرنے کیلئے مشترکہ گروہوں کا قیام
- سکول کی مخصوص پالیسیوں کو وضع کرنے اور اُن پر نظر ثانی کیلئے مشترکہ گروہوں کا قیام مثلاً مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط، خلافِ غنڈہ گردی یا دھونس اور باہمی تعلقات اور جنسی تعلیم کے بارے میں پالیسیاں

خواہ آپ کی سکول کمیونٹی اپنی بات کے ابلاغ اور شراکت کیلئے مندرجہ بالا میں سے کوئی ایک نظام استعمال کرتی ہے یا کوئی متبادل نظام موجود ہے، جو بھی طریقہ کار اختیار کیا جائے اُسکا والدین اور پرنسپل دونوں کیلئے کام کرنا ضروری ہے۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن اور بورڈ آف مینجمنٹ کے درمیان شراکت**

سکول کو چلانے میں پیرنٹ ایسوسی ایشن اور بورڈ آف مینجمنٹ دونوں یکساں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اپنے فرائض سرانجام دینے کیلئے، جیسا کہ ایجوکیشن ایکٹ 1998 میں درج ہیں، بورڈ آف مینجمنٹ اور پیرنٹ ایسوسی ایشن دونوں کو ایک دوسرے تک اپنی بات کے ابلاغ کیلئے مؤثر نظام کی ضرورت ہے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے سرانجام دی جانے والی کسی بھی سرگرمی کیلئے بورڈ آف مینجمنٹ کی پیشگی منظوری ضروری ہے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن اور بورڈ آف مینجمنٹ کے درمیان ایک دوسرے تک اپنی بات کے ابلاغ کے طریقوں میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- ایک دوسرے کے ساتھ مِل کر کام کرنے کیلئے منصوبوں پر گفت و شنید، ایک دوسرے کو معلومات میں شریک کرنے اور تبادلۂ خیالات کیلئے ہر تعلیمی سال کے ابتدائی عرصے میں مشترکہ طور پر تیار کئے گئے لائحہ عمل کے ساتھ ایک سالانہ اجلاس (میٹنگ)
- ایک سماجی تقریب جہاں والدین، اساتذہ اور بورڈ آف مینجمنٹ کے اراکین ملاقات کر سکتے ہوں اور ایک دوسرے کو جان سکتے ہوں
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے اجلاس کے لائحہ عمل (ایجنڈا) میں بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان کی طرف سے ایک رپورٹ شامل ہو سکتی ہے۔ اگر بورڈ آف مینجمنٹ پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کے بارے میں بھی والدین کے نمائندگان کی جانب سے ایک رپورٹ شامل کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کی جانب سے بورڈ کے پاس اور بورڈ کی جانب سے پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے پاس لائی جانے والی رپورٹیں لازماً متفقہ رپورٹیں ہونی چاہئیں جنہیں کمیٹی اور بورڈ کے تمام اراکین کی منظوری حاصل ہو۔ رازداری کا لازماً خیال رکھا جانا چاہئے۔

- بورڈ آف مینجمنٹ اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے سربراہان کے درمیان اجلاسات
- بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان کے ذریعے (این پی سی اس بات کا مشورہ دیتی ھے کہ والدین کے نمائندگان خود بخود پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے ارکان ہونے چاہئیں۔)

**پیرنٹ ایسوسی ایشن اور طلباء کے درمیان شراکت**

ایسے معاملات میں بچوں کی لازماً اپنی رائے ہونی چاہئے جو اُن پر اثر انداز ہوتے ہیں اور اُن کی عمر اور ذہنی پختگی کے حساب سے اُن کے نکتہ ہائے نظر کو نیشنل چلڈرن سٹریٹجی 2010-2000 کے مطابق عین مناسب اہمیت دی جانی چاہئے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کو طلباء کو معلومات کی فراہمی اور اُن پر اثر انداز ہونے والے فیصلوں میں اُن کی شمولیت کیلئے ماحول اور روایت قائم کرنے کی سرگرمی کے ساتھ حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔ مثلاً مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط، خلافِ غنڈہ گردی یا دھونس کی پالیسی وغیرہ

پرائمری سطح پر **کچھ** سکولوں میں اب اپنے طلباء کیلئے کاؤنسلیں موجود ہیں جو بچوں کیلئے اپنے نکتہ ہائے نظر کے بارے میں بات چیت کرنے اور اُن کا برملا اظہار کرنے کا اہم ذریعہ ہیں۔ پرائمری سکول کے بچے ایسی کاؤنسلوں کے رُکن بن کر نئی مہارتیں سیکھنے کا موقع بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ والدین کو طلباء کاؤنسلوں کے قیام میں بچوں کی پشت پناہی کرنی چاہئے۔ طلباء کاؤنسلیں والدین اور سکول کمیونٹی کے دیگر افراد کو سکول میں بچوں کی رائے سننے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔

طلباء اور بچوں کی کاؤنسلوں کے بارے میں معلومات کیلئے وزیر برائے امور اطفال و نوجوانان کے دفتر (آفس آف دی منسٹر فار چلڈرن اینڈ یوتھ افئیرز) سے رابطہ کریں۔ (معلومات کے ذرائع، ضمیمہ نمبر 4 ملاحظہ کریں)۔
پیرنٹ ایسوسی ایشن کو سٹاف اور بورڈ آف مینجمنٹ کے ساتھ مل کر طلباء کو شرکت کیلئے حقیقی مواقع فراہم کرنے کیلئے منصوبہ بندی کرنے اور اس منصوبہ بندی کے عمل میں خود طلباء کو شامل کرنے کی ضرورت ھے۔

| |
|---|
| پیرنٹ ایسوسی ایشن پوری سکول کمیونٹی کے اندر شراکت کو فروغ دینے کیلئے اہم کردار ادا کرتی ھے۔ |

## شراکت ۔ سکول کی منصوبہ بندی اور تدابیر (پالیسیاں)

والدین سکول میں حصّہ دار اور فریق ہوتے ہیں۔ وہ سکول (کی تعمیر و ترقی) کے منصوبوں، سکول کی پالیسیوں اور طلباء کے نصابی تجربات میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں اور انہیں حصہ ڈالنا بھی چاہئے۔

**سکول کا منصوبہ**

سکول کی تعمیر و ترقی کیلئے منصوبہ بندی اس بات کی یقین دہانی کیلئے ہے کہ سکول میں بچوں کو علم حاصل کرنے کے ممکنہ حد تک بہترین مواقع میسر آتے ہیں۔

| |
|---|
| بورڈ اپنی تقرری کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو ایک منصوبے کی تیاری کیلئے انتظامات کرے گا (اس حصے میں اس سے مُراد سکول کا منصوبہ ھے) اور اس منصوبے پر باقاعدگی کے ساتھ نظر ثانی اور اس کی ترتیبِ نو کو یقینی بنائے گا۔<br>ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (1) – .21<br><br>بورڈ سکول کے/کی سرپرست، والدین، اساتذہ اور سکول کے سٹاف کے دوسرے افراد کو سکول کے منصوبے کی نقول کی ترسیل کیلئے انتظامات کرے گا۔ ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (4) – .21 |

سکول کمیونٹی کے پاس اپنی زیر نگرانی تمام بچوں کیلئے وہ جو **کچھ** حاصل کرنا چاہتی ھے اس کے بارے میں ایک مجموعی تصور موجود ہونا ضروری ھے ۔ سکول کی تعمیر و ترقی کیلئے منصوبہ بندی میں یہ بات شامل ھے کہ سکول کمیونٹی کے اراکین اپنے طلباء سے وابستہ اپنی توقعات کے بارے میں تبادلۂ خیالات کریں اور اس بارے میں مل جُل کر کام کریں کہ وہ توقعات حقیقت کا روپ کسیے دھار سکتی ہیں۔

سکول کی تعمیر و ترقی کیلئے منصوبہ بندی پرنسپل اور تدریسی عملے کو ایک ٹیم کی طرح کام کرنے کے قابل بناتی ھے۔ یہ بورڈ آف مینجمنٹ، والدین اور طلباء کو سکول کی ترقی میں مشترکہ حصہ ڈالنے کے قابل بھی بناتی ھے۔

سٹاف، والدین اور طلباء کو سکول کی منصوبہ بندی میں سرگرمی سے شرکت کرنی چاہئے۔ عملی طور پر پرنسپل اور/یا اساتذہ کی ٹیم اکثر منصوبہ بندی کے عمل کی قیادت کرتے ہیں۔ انہیں سکول کے اہداف کا تعین کرنے اور اُن اہداف کے حصول کی نگرانی کیلئے تمام فریقین بشمول والدین سے مشاورت کرنی چاہئے۔

سکول کی منصوبہ بندی ایک مسلسل عمل ھے اور یہ عمل عام طور پر خود کو دُہراتا ھے۔ ہر تعلیمی سال میں سکول میں کسی تعلیمی پہلو کا یہ دیکھنے کیلئے جائزہ لیا جاتا ھے کہ کام کے اُس مخصوص حصے کیلئے متعین مقاصد کا حصول کتنے اچھے انداز میں ہو رہا ھے۔ اگر تبدیلی کی ضرورت ہو تو تبدیلی کی منصوبہ بندی کی جاتی ھے اور نئے مقاصد کا تعین کیا جاتا ھے۔ منصوبہ بندی کے کسی اگلے مرحلے پر کام کے اس حصے پر نظر ثانی کی جاتی ھے۔

جن امور پر نظر ثانی کی جا سکتی ھے اُن کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- پورے سکول میں (کتاب سے **دیکھ** کر) پڑھنے اور ریاضی کی تعلیم کیسے دی جا رہی ھے اور بچے قومی معیارات کی بابت کتنے اچھے انداز میں **سیکھ** رہے ہیں۔
- سکول میں مجموعی نصاب کیلئے کس طرح منصوبہ بندی کی جا رہی ھے اور یہ طلباء تک کیسے منتقل کیا جا رہا ھے
- ایسے طلباء جو (کسی معذوری کی وجہ سے) خاص تعلیمی سہولیات کے محتاج ہیں کیلئے انتظام کیسے کیا جاتا ھے اور اُن کی ضروریات کتنے اچھے انداز میں پوری ہو رہی ہیں
- سکول کی پالیسی کے اہم پہلوؤں کا اعادہ اور ترتیبِ نو کیسے کی جاتی ھے

والدین کو چاہئے کہ وہ خود کو سکول کے منصوبے سے مانوس کریں۔ بورڈ آف مینجمنٹ کو سکول کا منصوبہ تمام والدین کو مہیا کرنا چاہئے۔

سکول کا منصوبہ ایک ایسی دستاویز ھے جو سکول کے اندر بڑھوتری اور تبدیلی کے نمونوں کے جواب میں نظرثانی اور تزکیے کے عمل سے گزر رہی ھے۔ سکول کے منصوبے کو مزید بہتر بنانے کیلئے گہری توجہ بچوں کی تعلیمی ضروریات کی تکمیل کو یقینی بنانے میں سکولوں کی مدد کرتی ھے۔

### پورے سکول کا معائنہ (WSE)

پورے سکول کے معائنے کے ذریعے محکمہ تعلیم اور سائنس کا/کے انسپکٹر ایجوکیشن ایکٹ کی دفعہ (I-V) (i) (3) – .13 کے مطابق کسی خاص سکول میں دی جانے والی تعلیم کے معیار کا جائزہ لیتا/لیتے ہیں۔ ضمیمہ نمبر 1 ملاحظہ کریں۔ پورے سکول کے کام پر مجموعی طور پر نگاہ ڈالی جاتی ھے اور WSE رپورٹ سکول کے کام کا ظاہری جائزہ پیش کرتی ھے۔

انسپکٹر مندرجہ ذیل کے معیار کا معائنہ کرتے ہیں:

- تعلیم دینے اور حاصل کرنے کے طریقے
- سکول کی منصوبہ بندی
- سکول کا نظم و نسق
- طلباء کو حاصل معاونتیں

پورے سکول کے معائنے کے دوران انسپکٹر:

- سکول کے کام اور نظم و نسق کے بارے میں بات چیت کرنے کیلئے پرنسپل اور دوسرے اساتذہ سے ملاقات کرتے ہیں
- والدین سے ملاقات اور مشاورت کرتے ہیں
- جماعت کے کمروں کا دورہ کرتے ہیں اور اساتذہ اور بچوں کا کام کے دوران مشاہدہ کرتے ہیں
- بچے جو **کچھ سیکھ** رہے ہیں اُس کے بارے میں اُن کے نکتہ ہائے نظر اور آراء کو سنتے ہیں
- بچوں کے کام کے نمونوں پر نگاہ ڈالتے ہیں
- اساتذہ سے گفتگو کرتے ہیں اور اُن کے تدریسی طریقہ کار کے بارے میں اُن سے تبادلۂ خیالات کرتے ہیں
- سکول کی دستاویزات بشمول سکول کا منصوبہ اور سکول کی پالیسیوں پر نظر ڈالتے ہیں

معائنے سے پہلے والدین سے ملاقات کرتے وقت انسپکٹر درج ذیل کی طرح کے موضوعات پر تبادلۂ خیالات کریں گے:

- پیرنٹ ایسوسی ایشن کا کام
- پیرنٹ ایسوسی ایشن سکول کے کام میں کیسے مدد کرتی ھے
- والدین اپنے بچوں کی حصول علم میں مدد میں کس طرح شریک ہیں
- سکول کی زندگی کے معاملات میں والدین کی شرکت
- والدین پرنسپل اور اساتذہ کی کس طرح مدد کرتے ہیں
- سکول کیلئے منصوبہ بندی میں والدین کی شرکت
- سکول اور والدین کے درمیان ابلاغ (کمیونیکیشن)
- ایسے طلباء جو (کسی معذوری کی وجہ سے) خاص تعلیمی سہولیات کے محتاج ہیں اُن کیلئے انتظام کیسے کیا جاتا ھے اور اُن کی ضروریات کتنے اچھے انداز میں پوری ہو رہی ہیں

**والدین اور نصاب**

لوگوں کی بہت بڑی تعداد اس بات کو تسلیم کرتی ھے کہ والدین اور اساتذہ کے درمیان موثر شراکت کے نتیجے میں بچے کو معنی خیز تعلیمی، سماجی اور نفسیاتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اگر بچوں کو تعلیمی نصاب سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنا ھے تو گھر اور سکول کے درمیان قریبی تعاون لازمی ھے۔ **پرائمری سکول کریکیولم 1999 ۔ تعارف**

| |
|---|
| والدین اور اساتذہ کو نصاب پر نظر ثانی اور اسکی جانچ پڑتال کے عمل میں اپنا حصہ ڈالنا چاہئے اور والدین والدین کی معاونت کیلئے منصوبہ بندی کے عمل میں سرگرم فریق کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تاہم، نصاب پر عمل درآمد (اور اسکے نفاذ) کیلئے منصوبہ بندی کرنا تدریسی عملے کی پیشہ ورانہ ذمہ داری ھے۔ |

والدین سکول میں اپنے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے ایک بڑا تعاون کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ھے کہ انہیں نصاب کے نفاذ میں تعاون کے سلسلے میں ایک منفرد کردار دیا گیا ھے۔ سکول کا منصوبہ اُن طریقوں کی شناخت کرے گا جن کے ذریعے والدین کو نصاب کی باقاعدہ انتظامی منصوبہ بندی کے عمل میں شریک کیا جا سکتا ھے۔ اس میں کسی بچے کے دادا/دادی/نانا/نانی کا آنا اور تاریخ کے نصاب کے ایک حصے کے طور پر کسی کلاس کے سامنے اپنے ماضی کے تجربات بیان کرنا شامل ہو سکتا ھے۔ اس میں والدین کو بعد از سکول سرگرمیوں کے انعقاد یا نگرانی میں مدد کیلئے بھی شامل کیا جا سکتا ھے، مثلاً مقامی ماحول کا تفصیلی جائزہ لینا۔
**Primary School Curriculum - Your child's learning, Guidelines for Parents** ۔ محکمہ تعلیم اور سائنس کی اشاعت

نصاب کے معاملے میں اساتذہ، والدین اور طلباء کے درمیان شراکت بہت سی عملی سطحوں پر اپنا کام کر سکتی ھے۔

- جوڑوں کی صورت میں مطالعہ کرنا، ریاضی کے سوال حل کرنا اور تحریری کام کرنا
- سکول کے ماحول کو بہتر بنانے کے منصوبے، مثلاً دیواروں پر نقش و نگاری یا سکول کے احاطے میں کھیلے جانے والے کھیل
- مقامی تاریخ کے منصوبے، باغبانی کے منصوبے، ورزشی کھیل

پیرنٹ ایسوسی ایشن طلباء کیلئے بعد از سکول سرگرمیوں کا اہتمام کر سکتی ھے جو کہ ایک اہم ذریعہ ہے:

- بچوں کے تجربات کو وسعت دینے کا
- بچوں کو سماجی نشوونما کے مواقع فراہم کرنے کا اور
- بچوں کے علم کو ذرخیز بنانے کا

بعد از سکول سرگرمیوں میں ناٹک (ڈرامہ)، رقص، ورزشی کھیلیں، شطرنج، فنون و دستکاریاں اور ہوم ورک کلب شامل ہو سکتے ہیں۔

**سکول کی پالیسیاں**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کو سکول کیلئے پالیسیاں وضع کرنے اور اُن پر نظر ثانی کیلئے پرنسپل اور اساتذہ کی شراکت میں کام کرنا چاہئے، مثلاً خلافِ غنڈہ گردی و دھونس پالیسی، مجموعہٗ اخلاقی قواعد و ضوابط کی پالیسی وغیرہ

پیرنٹ ایسوسی ایشن سکول کی پالیسی میں مندرجہ ذیل طریقوں سے مدد کر سکتی ھے:

- والدین کیلئے آپس میں اور پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ کے ساتھ پالیسی کے مختلف پہلووٗں پر تبادلہٗ خیالات کے مواقع فراہم کر کے
- والدین سے سکول کی پالیسی کے مختلف پہلووٗں کے بارے میں اُن کی آراء اکٹھی کر کے
- والدین کو اس بارے میں معلومات فراہم کر کے کہ وہ کس طرح سکول کیلئے منصوبہ بندی اور لائحہ عمل مرتب کرنے میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں
- والدین کی آراء کا لائحہ عمل (پالیسی) وضع کرنے کے عمل میں دخول کا ذریعہ بن کر

درج ذیل سکول پالیسی کے معاملات کی مثالیں ہیں جن میں والدین اپنا اہم تعاون شامل کر سکتے ہیں:

- گھر اور سکول کے درمیان شراکت
- ہوم ورک (بچوں کو گھر پر مکمل کرنے کیلئے دیا جانے والا کام)
- تعلقات اور جنسی تعلیم
- مجموعہٗ اخلاقی قواعد و ضوابط
- والدین اور اساتذہ کے اجلاسات
- انفارمیشن اور کمیونیکشن (معلومات اور پیغام رسانی کی) ٹیکنالوجی
- مخصوص تعلیمی ضروریات
- (سکول میں داخلے کی فہرست میں بچوں کا) اندراج
- بچوں کی حفاظت
- صحت اور حفاظت
- خلافِ غنڈہ گردی و دھونس

پورے سکول میں سماجی اخلاقیات کی مساوات کو فروغ دینے کیلئے لازمی ھے کہ تمام والدین کو اپنی آراء کے اظہار کا موقع فراہم کیا جائے۔ (ضمیمہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں)۔ یہ لازمی ھے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشنز تک رابطہ آسان ہو اور اُن کے دروازے تمام والدین کیلئے کُھلے ہوں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن سکول کے پرنسپل/بورڈ آف مینجمنٹ کو جاری و ساری ایسے معاملات و واقعات کے بارے میں مشورہ دے سکتی ھے جو سکول کی کسی پالیسی پر نظر ثانی کا تقاضا کرتے ہوں، مثال کے طور پر

- سکول کے بیرونی دروازے پر حفاظتی انتظامات
- سکول بس میں (موجود بچوں اور دیگر لوگوں کا) طرز عمل
- گیلے اور سرد موسم میں بچوں کیلئے انتظامات
- ایسے بچوں کیلئے انتظامات جو سکول کُھلنے کے سرکاری اوقات سے پہلے سکول کی سواری میں سکول پہنچتے ہیں
- غنڈہ گردی و دھونس کے واقعات یا نفسیاتی مسائل
- سکول کی تقریبات اور دوران سال سکول بند رہنے کے اوقات کی فہرست

# باب نمبر 3 ۔ والدین کو معاونت اور اختیارات فراہم کرنا

پیرنٹ ایسوسی ایشن کو وہ بنیادی ڈھانچہ ہونا چاہئیے جو بچوں کے بہترین مفادات کو یقینی بنانے کیلئے سرگرمی سے والدین کے ساتھ تعاون کرے۔ والدین دوسرے والدین سے ملنے اور اُن کے ساتھ بچوں کی پرورش اور اُن کی حصول علم میں مدد کے بارے میں اپنے تجربات پر تبادلۂ خیالات کے مواقع کی قدر کرتے ہیں۔

تمام والدین کی بھرپور نمائندگی کرنے کی صورت میں پیرنٹ ایسوسی ایشن مضبوط تر ہو گی اور لوگوں کو آپس میں تبادلۂ معلومات و تجربات کیلئے مدد فراہم کرے گی۔ لہٰذا مندرجہ ذیل کیلئے کوششیں کی جانی چاہئیں:

- موادات قابل فہم اور سادہ زبان میں پیش کئے جائیں، مطلب یہ کہ مخففات اور (کسی مخصوص شعبے سے متعلق) اصطلاحات کے استعمال سے پرہیز کیا جائے اور ہر طرح کی کمیونیکیشن مؤدبانہ، غیر مبہم اور واضح ہو
- اجلاسات کیلئے ایسے اوقات کا انتخاب کیا جائے جو زیادہ تر والدین کیلئے مناسب ہوں
- جہاں ممکن ہو اس بات کی یقین دہانی کی جائے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اجلاسات ایسے مقامات پر منعقد کئے جائیں جہاں پہنچنا آسان ہو
- سکول کے بچوں کے ایسے والدین میں خصوصی دلچسپی کا مظاہرہ کیا جائے اور انہیں پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے امور میں شرکت کی دعوت دی جائے جن کی پوری طرح نمائندگی نہ ہو رہی ہو، مثال کے طور پر ایسے والدین جو مسافر یا مہاجر کمیونٹی سے تعلق رکھتے ہوں۔

| |
|---|
| ایسے گروہ جن کی پوری طرح نمائندگی نہ ہو رہی ہو سے تعلق رکھنے والے والدین کے ساتھ وابستہ ہونے کی کوشش کے دوران متعلقہ مقامی/قومی تنظیموں سے رابطہ کرنا مفید ہو سکتا ھے۔ ایسی تنظیموں نے اکثر پہلے ہی سے اپنی کمیونٹی کے افراد کے ساتھ ایک اعتماد کا رشتہ قائم کیا ہوا ہوتا ھے اور یہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے والدین تک رسائی حاصل کر سکتی ہیں اور اُن کے بچوں کی تعلیم کے سلسلے میں اُن کی آراء کی شنوائی کو یقینی بنانے کیلئے (تنظیمی امور میں) شرکت کے فوائد اُن پر واضح کر سکتی ہیں۔ (معلومات کے ذرائع، ضمیمہ نمبر 4 ملاحظہ فرمائیں) |

پیرنٹ ایسوسی ایشن درج ذیل کام کر کے والدین کی شرکت کی سرگرمی سے حوصلہ افزائی کر سکتی ھے:

- والدین کیلئے غیر رسمی طور پر ملنے جلنے کے مواقع کا انتظام کرنا
- کسی مخصوص جماعت کے بچوں کے والدین کیلئے کسی سماجی تقریب کا اہتمام کرنا، (مثلاً کسی صبح اکٹھے کافی پینے کیلئے مدعو کرنا)
- کبھی کبھار کوئی تقریب مثلاً گفت و شنید یا ورکشاپ منعقد کرکے ہمسایہ سکولوں کے بچوں کے والدین سے ملاقات اور تبادلۂ خیالات کرنا
- جہاں کہیں دستیاب ہو وہاں والدین کیلئے ایک کمرے کے اہتمام میں مدد کرنا جہاں والدین ملاقات کر سکیں اور معلومات پیش کی جا سکیں
- سکول کی ویب سائٹ پر والدین کے صفحے کا اہتمام کرنا
- نئے والدین کا استقبال کرنا اور مختلف ثقافتی اور نسلی پس منظر سے تعلق رکھنے والے والدین کی شمولیت کو یقینی بنانا
- سکول میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کا نوٹس بورڈ فراہم کرنا
- اپنی بات کے مثبت ابلاغ اور والدین کی شرکت کو فروغ دینے کیلئے مقامی تنظیموں سے منسلک ہونا، مثلاً **ہیلتھ** بورڈز، کاؤنٹی کاؤنسلز وغیرہ
- بورڈ آف مینجمنٹ کی رضامندی سے بعد از سکول سرگرمیوں کا اہتمام کرنا، مثلاً رقص کی تعلیم، کھیلوں کی سرگرمیاں، سماجی تقاریب وغیرہ
- یہ معلوم کرنا کہ کس قسم کی معلومات والدین کو پسند یا درکار ہیں
- اطلاع نامہ (نیوز لیٹر) تیار کرنا یا اس کی تیاری میں حصہ ڈالنا

* اگر پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کسی ایسی تقریب کا اہتمام کر رہی ہو جس میں کھانے پینے کی اشیاء فراہم کی جا رہی ہوں تو انہیں تقریب سے پہلے لازماً متعلقہ بااختیار ادارے (مقامی HSE کے دفتر) کو اطلاع بھیجنی چاہئیے۔ مقامی دفاتر سے رابطے کی تفاصیل فوڈ سیفٹی اتھارٹی آف آئرلینڈ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مشورہ نمبر 77 66 33 1890 ۔ کھانے پینے کی اشیاء خواہ مفت فراہم کی جا رہی ہوں یا فروخت کیلئے دستیاب ہوں، متعلقہ بااختیار ادارے کو لازماً اطلاع بھیجی جانی چاہئیے۔ ایسا نہ کرنے میں ناکامی ایک جرم ھے۔

- مخصوص طبقاتی گروہوں سے تعلق رکھنے والے والدین کیلئے معلوماتی اجلاسات کے انعقاد میں اساتذہ کی مدد کرنا
- سٹاف کے تعاون سے سکول کی دستی کتاب (ہینڈ بُک) کی تیاری میں اپنا تعاون شامل کرنا
- دلچسپ موضوعات کی کتابوں اور اشتہارات تک والدین کو رسائی فراہم کرنا
- والدین کی توجہ محکمۂ تعلیم اور سائنس کے مراسلات (سرکیولرز) کی طرف مبذول کروانا۔ (یہ سکول میں تمام والدین کیلئے بورڈ آف مینجمنٹ کو بھجوائے جاتے ہیں اور محکمۂ تعلیم اور سائنس کی ویب سائٹ www.education.ie پر دستیاب ہیں)۔
- ایسے والدین کی شناخت کرنا جو نصابی اور بعد از سکول سرگرمیوں کیلئے مخصوص صلاحیتیں رکھتے ہوں، مثلاً پینٹنگ، انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی، موسیقی وغیرہ
- والدین کو معلومات فراہم کرنا کہ وہ کیسے اپنے بچے/بچوں کی مدد کر سکتے ہیں
- والدین کیلئے آپس میں تبادلۂ معلومات و تجربات کے مواقع فراہم کرنا
- دلچسپ یا حالاتِ حاضرہ یا متعلقہ موضوعات پر خطاب کرنے کیلئے مقررین کو دعوت دینا، مثلاً ہوم ورک یا تعلیمی نصاب
- این پی سی جیسی تنظیموں کی طرف سے پیش کئے جانے والے تعلیمی کورسوں اور تربیتی پروگراموں کے بارے میں والدین کو آگاہ کرنا

**اپنے بچے سے متعلقہ کسی مسئلے سے نپٹنے کیلئے والدین کو معاونت اور اختیار فراہم کرنا**

اس بات کی طرف توجہ کرنا ضروری ہے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کسی مخصوص استاد/استانی، والد/والدہ یا بچے کے خلاف نہ تو شکایت کی جگہ ہے اور نہ ہی کسی فرد کی شکایات کی پیروی میں اسکا کوئی عمل دخل ہے۔

تاہم پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے دو طرح سے معاملاتِ شکایات میں شریک ہونا مناسب ہو گا:

1) جہاں شکایت پورے سکول کے بارے میں کسی مسئلے کو اُٹھائے، مثلاً سکول کی پالیسی

مثال کے طور پر، اگر کسی بچے کو (سکول میں) غنڈہ گردی یا دھونس سے دوچار ہونا پڑا ہو تو اُس کے والد/والدہ کو اس بارے میں تشویش ہو سکتی ہے۔ والد/والدہ کو نصیحت کی جانی چاہئے کہ وہ اپنی تشویش کو مخصوص طریقہ ہائے کار کے ذریعے پیش کریں (نیچے ملاحظہ کریں)۔ تاہم ہو سکتا ہے پیرنٹ ایسوسی ایشن اس بات پر غور کرنا چاہے کہ آیا سکول کی غنڈہ گردی اور دھونس کے خلاف پالیسی کے مسئلے کو پرنسپل یا بورڈ آف مینجمنٹ کے سامنے اُٹھانے کی ضرورت ہے۔ کیا کوئی پالیسی موجود ہے؟ وہ کیسے کام کر رہی ہے؟ کیا اُس کے اعادے اور تجدیدِ نَو کی ضرورت ہے؟ اگر کسی پالیسی پر نظر ثانی کی جاتی ہے تو ایسا کسی ایک مخصوص شکایت کے حوالے کے بغیر کیا جانا چاہئے۔

2) والدین کے ساتھ تعاون اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے

کسی مخصوص مسئلے کے حوالے سے والدین کی شکایت کی صورت میں پیرنٹ ایسوسی ایشن:

- مسئلے کا حل تلاش کئے جانے کے نظریے سے استاد/استانی تک رسائی کے اچھے ذرائع تلاش کرنے میں والد/والدہ کی مدد کر سکتی ہے۔
- والد/والدہ کو اس بات سے آگاہ کر سکتی ہے کہ اگر اُنہیں باقاعدہ شکایت کرنے کی ضرورت ہے تو سکول کے ذریعے شکایات کا ایک طریقہ کار موجود ہے اور اس طریقہ کار کو استعمال کرنے کیلئے والد/والدہ کی حوصلہ افزائی کر سکتی ہے۔ شکایات کے طریقہ کار کے بارے میں مختصر راہنمائی این پی سی کی ویب سائٹ www.npc.ie پر "I have a complaint, what should I do?" - " میرے پاس ایک شکایت ہے، مجھے کیا کرنا چاہئے؟ " کے عنوان کے تحت دستیاب ہے۔ یہ این پی سی کی طرف سے شائع کردہ معلوماتی اشتہارکی صورت میں بھی دستیاب ہے۔
- والدین کو این پی سی کا معلومات/ہیلپ لائن ٹیلی فون نمبر 01 8874477 یا ای میل ایڈریس helpline@npc.ie دے سکتی ہے جہاں سے وہ شکایت سے نپٹنے کے حوالے سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کو والدین کی طرف سے اُٹھائے جانے والے تشویشناک مسائل کے حل اور تمام پریشانیوں کے بارے میں حقائق کی بنیاد پر اور بلا تفریق فیصلہ کرنے کیلئے غیر جانبدار ہونے کی ضرورت ہے۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے لازمی ہے کہ وہ تمام والدین کے ساتھ عزت و احترام اور وقار کے ساتھ پیش آئے اور تمام والدین کو یکساں راہنمائی اور مشورہ فراہم کرے۔

# باب نمبر 4 ۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنا

## تعارف

قانون ہمیں پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنے کیلئے بنیادی ڈھانچہ فراہم کرتا ھے۔ قانون بیان کرتا ھے کہ:

> کسی تسلیم شدہ سکول کے طلباء کے والدین اس سکول کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کر سکتے ہیں اور خود میں سے ہی (اراکین کا انتخاب کر کے) اسے قائم **رکھ** سکتے ہیں اور اُس تنظیم کی رُکنیت کے دروازے اُس سکول کے طلباء کے تمام والدین کیلئے کھُلے ہوں گے۔ **ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (1)-.26**
>
> بورڈ سکول، اُس سکول کے طلباء کے والدین اور کمیونٹی کے درمیان رابطے کو فروغ دے گا اور پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنے کے خواہشمند والدین کو اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کے قیام کے بعد خود ایسوسی ایشن کو سہولیات اور ہر طرح کی معقول معاونت فراہم کرے گا۔ **ایجوکیشن ایکٹ 1998 - (3)-.26**

## مرحلہ وار طرز عمل

**مرحلہ نمبر 1: آغاز کہاں سے کیا جائے**

اپنے بچے کے سکول میں پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنے کے تین بنیادی طریقے ہیں:

- والدین کا گروہ جو پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنے کا خواہشمند ہو ایک اجلاس منعقد کر سکتا ھے جس میں وہ پرنسپل / بورڈ آف مینجمنٹ کے تعاون سے **کچھ** ابتدائی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔
- پرنسپل اور/یا بورڈ آف مینجمنٹ کا/کی سربراہ تمام والدین کے اجلاس کا اہتمام کرنے کے لئے کام کرنے والے افراد کا ایک گروپ تشکیل دینے کی غرض سے رضاکار طلب کرنے کیلئے والدین کے نام درخواست تحریر کر سکتا/سکتی ھے۔
- پرنسپل، بورڈ آف مینجمنٹ کا/کی سربراہ یا بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان سکول کے بچوں کے تمام والدین کو ایک اجلاس میں شرکت کی دعوت دے سکتے ہیں۔

**مرحلہ نمبر 2: منصوبہ ساز گروپ کی تشکیل**

مندرجہ بالا سرگرمیوں میں سے کسی ایک کے ذریعے ایک منصوبہ ساز گروپ تشکیل دیا جانا چاہئے جو بعد ازاں ایک اجلاس کا اہتمام کرتا ھے جس میں تمام والدین کو شرکت کی دعوت دی جاتی ھے۔ اس اجلاس میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کا انتخاب کیا جاتا ھے۔

اس اجلاس کیلئے ایک سربراہ منتخب کرنے کی ضرورت ہوتی ھے۔ یہ سربراہ کوئی والد/والدہ، بورڈ آف مینجمنٹ کا/کی سربراہ، بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان میں سے کوئی ایک فرد یا پرنسپل ہو سکتا/سکتی ھے۔

**مرحلہ نمبر 3: پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کا قیام**

چونکہ تمام والدین پیرنٹ ایسوسی ایشن کے رُکن ہوتے ہیں، اس لئے کام کی **دیکھ** بھال کے روزمرّہ کے معاملات میں سبھی افراد نہ تو شریک ہو سکتے ہیں اور نہ ہی سب کو شریک ہونے کی ضرورت ھے۔ یہی وجہ ھے کہ سکول کے بچوں کے والدین ایک کمیٹی کا انتخاب کرتے ہیں۔

کمیٹی ایسے افراد کی ایک ٹیم ھے جو تمام والدین کی طرف سے پیرنٹ ایسوسی ایشن کے امور/معاملات کی **دیکھ** بھال کرتے ہیں۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو مؤثر ہونے کیلئے ایک ٹیم کی حیثیت سے کام کرنے کی ضرورت ھے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے قیام یا انتخاب میں یہ لازمی ھے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تمام اراکین کمیٹی کے کردار اور کام کو سمجھتے ہوں۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کا کردار**

کمیٹی پیرنٹ ایسوسی ایشن کے قواعد (آئین) کے مطابق ایک سالانہ عمومی اجلاس (باب نمبر 8 ملاحظہ فرمائیں) سے لے کر اگلے تک پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کام کی **دیکھ** بھال کرتی ھے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے لازمی ھے کہ وہ:

- (اپنی بات کے ابلاغ کیلئے) والدین کی پوری جماعت کے سا**تھ** رابطے میں ہو
- والدین کی پوری جماعت کی نمائندگی کرے

**کمیٹی/ٹیم کا کام**

ٹیم کی مشترکہ ذمہ داری ھے:

- مستقبل کیلئے منصوبہ بندی کرنا اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے جہت کا تعین کرنا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے سرگرمیوں کے سالانہ پروگرام کی منصوبہ بندی اور **دیکھ** بھال کا کام کرنا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کے بارے میں والدین کو معلومات فراہم کرنا، اُن سے مشاورت کرنا اور زیادہ سے زیادہ والدین کو اُن (سرگرمیوں سے متعلق معاملات) میں شریک کرنا
- پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ سے (اپنی بات کے ابلاغ کیلئے) رابطے میں رہنا اور اُن سے مشاورت کرنا
- لائحہ عمل (ایجنڈاز) کی ترتیب کیلئے منصوبہ بندی کرنا اور اجلاسات کے ریکارڈ سنبھال کر رکھنا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے مالی امور کی **دیکھ** بھال کرنا
- قواعد (آئین/دستور) وضع کرنا جن کے ذریعے پیرنٹ ایسوسی ایشن والدین کی پوری جماعت کے سا**تھ** مل کر کام کرتی ھے۔ (پیرنٹ ایسوسی ایشن کانسٹی ٹیوشن، باب نمبر 7 ملاحظہ کریں)
- نیشنل پیرنٹ کاؤنسل پرائمری (NPC) کے سا**تھ** تبادلۂ خیالات و پیغامات کرنا
- تنوع اور بین الثقافتی نظریات کی قدر کرنا اور جن والدین کو معاملات میں شریک ہونے میں دشواری کا سامنا ہو ایسا کرنے کیلئے اُن کی حوصلہ افزائی اور معاونت کو یقینی بنانا

| |
|---|
| یاد رکھیں - عین ممکن ھے بہت سے والدین ایسے ہوں جو کمیٹی کا رُکن نہ بننا چاہتے ہوں لیکن چند مخصوص سرگرمیوں میں مدد کرنا چاہتےہوں۔ ایسی معلومات اکٹھی کرنا ضروری ھے اور یہ کام سالانہ عمومی اجلاس پر یا والدین کو سوالنامہ بھیج کر کیا جا سکتا ھے۔ |

چند مخصوص سرگرمیوں یا تقریبات کیلئے ذیلی کمیٹیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں۔ مختلف صلاحیتوں اور مہارتوں سے استفادہ کرنے کیلئے ذیلی کمیٹیوں کے اراکین مقامی کمیونٹی میں سے تلاش کئے جا سکتے ہیں۔ تاہم یہ بات قابل توجہ ھے کہ ذیلی کمیٹیاں فیصلے نہیں کر سکتیں۔ وہ ہر وقت مرکزی کمیٹی کے سامنے جوابدہ ہوتی ہیں۔ کسی بھی ذیلی کمیٹی کی حدود یا دائرہ کار کے بارے میں صراحت کے سا**تھ** وضاحت تحریری طور پر موجود ہونی چاہئے اور اسے پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کی رضامندی حاصل ہونی چاہئے۔

**مرحلہ نمبر 4: پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو منتخب کرنا**

اگر کمیٹی کو پہلی بار منتخب کیا جا رہا ہو تو مرحلہ نمبر 2 کے تحت تشکیل دیا گیا منصوبہ ساز گروپ ہی عام طور پر وہ گروپ ہوتا ھے جو الیکشن کا انتظام کرتا ھے۔ یہ بات نہایت اہم ھے کہ اس طرح کے انتخابات کا انعقاد دیانتداری اور کفایت کے سا**تھ** کیا جائے۔

قائم شدہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کی موجودگی میں سالانہ عمومی اجلاس میں کمیٹی کا انتخاب کیا جاتا ھے جس میں سکول کے بچوں کے تمام والدین کو مدعو کیا جاتا ھے۔ انتخابات کے باکفایت اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کے قواعد (آئین) میں درج شرائط کے مطابق انعقاد کو یقینی بنانا سبکدوش ہونے والی کمیٹی کی ذمہ داری ھے۔

دونوں صورتوں میں کسی غیرجانبدار تیسرے فریق کو الیکشن کی صدارت کیلئے کہنا اچھا عمل ھے۔

**نامزدگیاں طلب کرنا**

کمیٹی کا انتخاب حاضرین میں سے نامزدگیاں طلب کر کے کیا جاتا ھے۔ نامزدگیاں اجلاس (میٹنگ) سے پہلے ڈاک کے ذریعے بھی طلب کی جا سکتی ہیں۔ کمیٹی کی تشکیل کے وقت اس عمل میں شریک افراد کو تمام والدین کی شمولیت کی ہمت افزائی اور والدین کی پوری جماعت کی عکاسی کی ضرورت ھے۔ گزشتہ کئی سالوں میں معاشرہ حیرت انگیز انداز میں تبدیل ہوا ھے اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی میں ہر طرح کے افراد کی شمولیت کا خیال رکھا جانا چاہئے اور اس بات کی عکاسی کمیٹی کی تشکیل میں ہونی چاہئے۔

جب پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کیلئے والدین کو نامزد کیا جا رہا ہو اُس وقت یکساں نمائندگی کی ہمت افزائی کیلئے بہت سے مختلف نمونوں کی پیروی کی جا سکتی ھے، مثال کے طور پر:

نمونہ نمبر 1: **کلاس نمائندگان** جہاں سکول کی ہر کلاس کے بچوں کے والدین کو نامزد کیا جاتا ھے۔

نمونہ نمبر 2: **علاقہ نمائندگان** جہاں مختلف رہائشی علاقوں/محلوں سے والدین کو نامزد کیا جاتا ھے۔

نمونہ نمبر 3: **جونئیر اور سینئیر کلاس نمائندگان** جہاں چھوٹی جماعتوں اور بڑی جماعتوں کے بچوں کے والدین کو نامزد کیا جاتا ھے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن خواہ درج بالا نمونوں میں سے کسی ایک کو یا دوسرے نمونوں کو استعمال کرے، لازمی یہ ہے کہ جو بھی طریقہ منتخب کیا جائے اُس میں سکول کے بچوں کے تمام والدین شامل ہوں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن لازماً اس بات کو یقینی بنائے کہ تمام والدین اس بات سے آگاہ ہیں کہ اُنہیں نامزد کرنے اور نامزد کئے جانے کا حق حاصل ھے اور مثبت انداز میں (ایسے افراد) کی رُکنیت کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے جو سکول کی آبادی کی عکاس ہو اور پوری سکول کمیونٹی کے اندر رائج مختلف روایات کے بارے میں شعور/آگاہی کو ظاہر کرے۔

سکول کے کسی بچے کے والدین میں سے کسی بھی فرد کو پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی میں شامل کرنے کیلئے نامزد کیا جاسکتا ھے جب تک کہ یہ بات اُن کے علم میں ہو اور وہ اس پر رضامند ہوں۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کو لازماً اس بات کی یقین دہانی کرنی چاہئے کہ تمام والدین سمجھتے ہیں کہ کمیٹی کا رُکن بننے کا کیا مطلب ھے۔

**کمیٹی کا سائز**

کمیٹی کا سائز سکول کے سائز اور کئے جانے والے کام کی مقدار کے حساب سے مناسب ہونا چاہئے۔ تاہم اس بات کی طرف توجہ کی جانی چاہئے کہ ایک بہت بڑی کمیٹی میں مؤثر انداز میں کام کرنا مشکل ہو سکتا ھے۔ ہر پیرنٹ ایسوسی ایشن کو یہ فیصلہ کرنے کی ضرورت ھے کہ اُن کی صورت حال میں کیا کرنے سے بہترین نتائج برآمد ہوں گے۔

این پی سی اس بات کا مشورہ دیتی ھے کہ بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان خود بخود پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے رُکن ہونے چاہئیں۔

تاہم این پی سی اس بات کی صلاح بھی دیتی ھے کہ والدین کے نمائندگان کو پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی میں افسر عہدے اپنے پاس نہیں رکھنے چاہئیں۔ ایسا اُن کے بورڈ آف مینجمنٹ کے اراکین ہونے کی حیثیت سے اُن کے کام کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مفادات کے ممکنہ تصادم سے بچاؤ کیلئے ھے۔ والدین کے نمائندگان کی بنیادی ذمہ داری بورڈ آف مینجمنٹ کی طرف ھے۔ اگر پیرنٹ ایسوسی ایشن اور بورڈ آف مینجمنٹ کے درمیان کوئی مسئلہ پیدا ہوتا ھے تو والدین کے نمائندگان کی حتمی ذمہ داری بورڈ آف مینجمنٹ کی طرف ہی نکلتی ھے۔

**ووٹنگ کا نظام**

زیادہ تر پیرنٹ ایسوسی ایشنز ووٹ ڈالنے کا کوئی سادہ نظام ہی استعمال کریں گی جس کی بنیاد اس بات پر ہوتی ھے کہ کون سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرتا ھے۔ جب کلاس نمائندے کا انتخاب کیا جا رہا ہو تو صرف اُسی کلاس کے بچوں کے والدین ووٹ ڈالتے ہیں۔ اگر کسی علاقہ کی نمائندگی کیلئے کسی کا انتخاب کیا جا رہا ہو تو صرف اُسی علاقہ میں رہنے والے والدین ووٹ ڈالتے ہیں۔

تمام والدین کی آراء کو شامل کرنا اور اُنکی پزیرائی کے حق کو تسلیم کرنا پیرنٹ ایسوسی ایشن جیسی جمہوری جماعت کو چلانے کیلئے مرکزی حیثیت رکھتا ھے۔ تمام والدین کو ووٹ ڈالنے کے عمل تک رسائی اور ووٹ ڈالنے کا موقع لازماً فراہم کیا جانا چاہئے۔ شفافیت اور جمہوری عمل کی روایت قائم کر کے اس بات کا زیادہ امکان ھے کہ والدین سکول کی زندگی کے دوسرے پہلوؤں میں بھی اس طرز کی مشاورت کی توقع رکھیں گے۔

**ووٹوں کی گنتی**

ووٹ گننے کیلئے اجلاس میں دو افراد کو شمار کنندگان کی حیثیت سے نامزد کیا جانا چاہئے۔ ووٹوں کی گنتی ہمیشہ سب کے سامنے کی جانی چاہئے۔ اگلے الیکشن تک ووٹوں کو سنبھال کر رکھنا کمیٹی کیلئے ایک اچھا عمل ھے۔

**کمیٹی کی مدت منصب**

عام طور پر کمیٹی ایک سال کیلئے خدمات سر انجام دیتی ھے جس کا دورانیہ ایک سالانہ عمومی اجلاس سے اگلے تک کا ہوتا ھے۔ کمیٹی میں نئے اور اس کے ساتھ ساتھ تجربہ کار اراکین کی شمولیت کو یقینی بنانے کیلئے قواعد (آئین) میں ہر سال نئے اراکین کیلئے متعدد نشستوں کے اہتمام کی گنجائش ہونی چاہئے۔ (کمیٹی میں) نئے اور تجربہ کار دونوں طرح کے اراکین کا ہونا اچھی بات ھے۔

سالانہ عمومی اجلاس میں کمیٹی کے تمام اراکین اپنے عہدوں سے دستبردار ہو جاتے ہیں لیکن جب تک اُن کا کوئی نہ کوئی بچہ سکول میں زیر تعلیم ھے تب تک اُنہیں دوبارہ منتخب کیا جا سکتا ھے۔

این پی سی اس بات کی صلاح دیتی ھے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے اراکین کو مسلسل تین سال سے زیادہ ایک ہی افسر عہدہ اپنے پاس نہیں رکھنا چاہئے۔ ایسا ایک ارتقاء پذیر اور ترقی کی طرف گامزن کمیٹی کی جانب سے والدین کی نمائندگی کو یقینی بنانے کیلئے ھے۔

**مرحلہ نمبر 5: پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے افسران کو منتخب کرنا**

| |
|---|
| کمیٹی کو اپنے پہلے اجلاس میں اپنے اراکین ہی میں سے کمیٹی کے افسران کا انتخاب کرنا چاہئے۔ |

اس سے پہلے کہ والدین کو کمیٹی کے افسران کی حیثیت سے منتخب کیا جائے، افسران کے کردار/فرائض کو واضح کر دیا جانا چاہئے۔

**سربراہ**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے صدر یا سربراہ کے کردار کا انحصار کمیٹی کی ساخت پر ھے۔ **کچھ** کمیٹیاں مل کر کام کرنے کا نسبتاً سہل طرز عمل اختیار کرنے کو ترجیح دیتی ہیں۔ یہ کردار تمام اراکین مل کر یا باری باری ادا کر سکتے ہیں جس سے کمیٹی کے اراکین کو مختلف فرائض اور ذمہ داریوں کے بارے میں تجربہ حاصل کرنے کا موقع ملتا ھے ۔ تاہم دوسری کمیٹیوں میں زیادہ رسمی نظام ہوتا ھے جس میں ہر افسر پورا ایک سال خدمات سر انجام دیتا ھے اور اُس کا کردار اور ذمہ داریاں نہایت متعین ہوتی ہیں۔

سربراہ کو چاہئے کہ:

- سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور اُن سے متعلقہ توقعات پر پورا اُترنے کیلئے کمیٹی کی راہنمائی اور قیادت کرے۔ اس میں مندرجہ ذیل امور شامل ہونے چاہئیں۔
    - اجلاسات کی صدارت کرنا
    - ایک واضح مقصد اور اہم اہداف کو سامنے رکھنے میں کمیٹی کی مدد کرنا
    - پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کام کو متفقہ اہداف تک محدود رکھنا

- اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام اراکین سے عزت و احترام کے ساتھ پیش آیا جاتا ھے، اُن کی بات کو سُنا جاتا ھے اور اظہار خیال کیلئے اُن کی حوصلہ افزائی کی جاتی ھے۔
- کمیٹی کے کام میں اشتراک کو یقینی بناتے ہوئے لوگوں کیلئے اچھی طرح مل جُل کر کام کرنا آسان بنانا
- کمیٹی کے کام پر نظر ثانی کرنا

- اس بات کو یقینی بنائے کہ ہر کوئی کمیٹی کے اندر اپنے فرائض کا واضح ادراک رکھتا ھے۔
- سارا کام کسی ایک یا دو افراد کی ذمہ داری نہیں ھے، اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کمیٹی کے کام کا **کچھ** حصہ اپنے ماتحتوں کو کرنے کیلئے دے
- لائحہ عمل (ایجنڈاز) اور اجلاسات کی منصوبہ بندی کیلئے سیکرٹری کے ساتھ مل کر کام کرے
- اس بات کو یقینی بنائے کہ اجلاس کی کاروائی کے خلاصے پر دستخط کئے جاتے ہیں، اُس پر تاریخ لکھی جاتی ھے اور اُسے سنبھال کر رکھا جاتا ھے۔
- کمیٹی کے اراکین کی حوصلہ افزائی کرے کہ وہ اجلاسات کیلئے تیار رہیں
- طے شدہ اوقات پر اجلاسات کے آغاز اور اختتام کو یقینی بنائے
- اس بات کو یقینی بنائے کہ ہر موضوع کے اختتام پر پورا گروپ کئے جانے والے فیصلے کے بارے میں واضح ھے
- اس بات کو یقینی بنائے کہ تمام فیصلے جمہوری انداز میں اور ہر کسی کی آراء کا احترام کرتے ہوئے کئے جاتے ہیں۔
- کمیٹی کے اراکین نے جو ذمہ داریاں اپنے ذمے لی ہیں اُن کی نگرانی کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ اُن ذمہ داریوں کے بارے میں صراحت کے ساتھ وضاحت کر دی گئی ھے اور متعلقہ اراکین کے سپرد کر دی گئی ہیں۔
- اجلاس کے اختتام پر تمام فیصلوں کا خلاصہ پیش کرے
- اپنے عہدے کی مدت کے اختتام پر تمام متعلقہ دستاویزات کی آنے والے/والی سربراہ کو منتقلی کو یقینی بنائے

**سیکرٹری**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے/کی سیکرٹری کا کام یہ ھے کہ:

- ہر اجلاس میں کہی جانے والی باتوں کو ضبطِ تحریرمیں لائے
- تمام خط و کتابت اور اجلاس کی کاروائی کے خلاصے کو فائل میں محفوظ کرے
  - اجلاس کی کاروائی کا خلاصہ مختصر اور اجلاس میں کئے جانے والے فیصلوں اور آئندہ کی جانے والی کاروائیوں کا ریکارڈ ہونا چاہئے۔ سیکرٹری اجلاس میں زیر بحث لائے جانے والے معاملات کا مختصر خلاصہ بھی ریکارڈ کر سکتا/سکتی ھے
- کمیٹی کے اجلاسات کیلئے لائحہ عمل کو سربراہ سے منظور کروائے۔ یہ بات اہم ھے کہ کمیٹی کے تمام ممبران کو ایجنڈا میں اپنی باتیں شامل کروانے کا حق حاصل ھے، اس لئے لازمی ھے کہ اُنہیں ایسی تمام باتیں سیکرٹری تک پہنچانے کیلئے مناسب وقت دیا جائے
- اس بات کو یقینی بنائے کہ کمیٹی کے تمام اراکین کے پاس اجلاسات سے پہلے لائحہ عمل (ایجنڈا) موجود ہیں تاکہ وہ مناسب تیاری کر کے آ سکیں
- اس بات کو یقینی بنائے کہ کمیٹی کے تمام اراکین بشمول وہ اراکین جو اجلاس میں شریک ہونے سے قاصر رہے ہوں نے اجلاسات کی کاروائی کے خلاصے کی نقل وصول کر لی ھے
- بھیجی جانے اور موصول ہونے والی خط و کتابت کی مناسب انداز میں **دیکھ** بھال کرے
- ہر اجلاس میں اجلاس کی کاروائی کے خلاصے کی توثیق کو یقینی بنائے۔ کمیٹی کے اجلاسات میں یہ بات نہایت اہم ھے کہ اجلاس میں شرکت کرنے والے افراد اس بات پر راضی ہوں کہ اجلاس کی کاروائی کا خلاصہ جو **کچھ** اجلاس میں ہوا ھے اُس کا درست اور غلطی سے پاک ریکارڈ ھے۔ جب اسے کمیٹی کی منظوری حاصل ہو جائے تو سربراہ کو چاہئے کہ کمیٹی کے ریکارڈ کیلئے وہ اجلاس کی کاروائی کے خلاصے پر دستخط کرے۔ کسی بھی کئے جانے والے فیصلے کے بارے میں مستقبل میں کوئی غلط فہمی پیدا ہونے کی صورت میں یہ عمل خاص طور پر مفید ھے۔
- اجلاسات میں کئے جانے والے فیصلوں کی وضاحت میں سربراہ کی مدد کرے
- اپنے عہدے کی مدت کے اختتام پر تمام متعلقہ دستاویزات کی آنے والے/والی سیکرٹری تک منتقلی کو یقینی بنائے

**خزانچی**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے/کی خزانچی کا کام یہ ھے کہ:

- پیسوں کے لین دین سے متعلقہ تمام معاملات کو ریکارڈ کرے اور محفوظ مقام پر رکھے
- آمدن اور اخراجات کے ریکارڈ اور کھاتوں کی **دیکھ** بھال کرے اور انہیں درست حالت میں رکھے

- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے مالی امور کے بارے میں ماہانہ رپورٹیں پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو فراہم کرے
- پیسوں کے لین دین کے تمام معاملات کیلئے رسیدیں جاری کرے
- اس بات کو یقینی بنائے کہ کمیٹی کے پاس پیرنٹ ایسوسی ایشن کی مالی ضروریات کو سمجھنے کیلئے ضروری معلومات ہیں
- اس بارے میں مشورہ فراہم کرے کہ کمیٹی کے کام کے منصوبے کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے اور کمیٹی کے مقاصد کے حصول کیلئے ذرائع کو بہترین انداز میں کیسے استعمال کیا جا سکتا ھے
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے کسی بنک یا دیگر مالی اداروں کے ساتھ رابطے میں رہے۔
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ عمومی اجلاس میں پورے سال کی آمدن اور اخراجات کی مکمل تفصیل پیش کرے۔ نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری (NPC) اس بات کی صلاح دیتی ھے کہ ان ریکارڈز کی ایک نقل بورڈ آف مینجمنٹ کو بھی ان کی معلومات کیلئے بھجوائی جانی چاہئے۔
- اپنے عہدے کی مدت کے اختتام پر تمام متعلقہ دستاویزات کی آنے والے/والی خزانچی تک منتقلی کو یقینی بنائے

| |
|---|
| پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تمام اراکین کے تحفظ کیلئے این پی سی تجویز پیش کرتی ھے کہ چیک پر دستخط کرنے کی ذمہ داری دو افراد پر ہونی چاہئے، یعنی ہر چیک پر دو (افراد کے) دستخط درکار ہونے چاہئیں۔ دستخط کنندگان عام طور پر خزانچی اور اس کے ساتھ سربراہ یا سیکرٹری ہوتے ہیں۔ |

| |
|---|
| خزانچی کو چاہئے کہ جن افراد کو چیک پر دستخط کرنے کا حق دیا گیا ھے اُن کے ناموں کی تصدیق کیلئے لازماً ایک فارم مکمل کر کے بنک میں جمع کروائے۔ روایتی طور پر ایسا ہر سال لازماً کیا جانا چاہئے جب کمیٹی کے اراکین میں تبدیلی واقع ہو۔ |

### مرحلہ نمبر 6: نئی کمیٹیوں کیلئے تربیت

نئی پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹیوں کا نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری کی طرف سے فراہم کئے جانے والے تربیتی پروگراموں سے استفادہ کرنا مفید ثابت ہو سکتا ھے۔ تربیت (ٹریننگ) کمیٹی کی مندرجہ ذیل کاموں میں مدد کرے گی:

- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کردار اور استعداد کا تحقیقی جائزہ لینا
- اپنی پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اہداف اور مقاصد کی شناخت کرنا
- کمیٹی کے طور پر موثر انداز میں کام کرنے کیلئے جن مہارتوں، علم اور مشقوں کی ضرورت ھے انہیں ترقی دینا
- سکول میں تمام فریقین کے درمیان اچھے فعال تعلقات کی اہمیت کو سمجھنا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو قواعد (آئین) وضع کرنے میں مدد فراہم کرنا

مزید معلومات کیلئے NPC کی ویب سائٹ www.npc.ie ملاحظہ کریں یا ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام سے رابطہ کریں۔
ٹیلی فون: 01 887 4475 - ای میل: training@npc.ie

# باب نمبر 5 - پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی (والدین کی تنظیم کی کمیٹی) اور یہ کیسے کام سرانجام دیتی ہے؟

## کمیٹی اینڈ کمیونیکیشن

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنی بات کے ابلاغ کیلئے مؤدبانہ، غیر مبہم اور واضح زبان استعمال کرے۔ اجلاسات کیلئے ایسے اوقات کا انتخاب کیا جانا ضروری ہے جو زیادہ تر والدین کیلئے مناسب ہوں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی (اپنی بات کے ابلاغ کیلئے) مختلف طریقوں سے والدین کے ساتھ رابطہ کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر وہ ایسا مندرجہ ذیل کے ذریعے کر سکتی ہے:

- ایک رسمی اجلاس، مثلاً سالانہ عمومی اجلاس
- نئے والدین کے استقبال اور انہیں (مختلف معاملات میں) شریک کرنے کیلئے ایک غیر رسمی سماجی اجتماع
- کسی خاص جماعت کے بچوں کے والدین کے ساتھ اُس جماعت کے والدین سے متعلقہ کسی موضوع پر تبادلۂ خیالات کیلئے اجلاس، مثلاً پوسٹ پرائمری سکول میں منتقلی، ہوم ورک وغیرہ
- اطلاع نامہ (نیوز لیٹر)
- نوٹس بورڈ
- سکول کی ویب سائٹ یا سکول کی ویب سائٹ پر پیرنٹ ایسوسی ایشن کا صفحہ

## کمیٹی اور نمائندگی

یہ لازمی ہے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی سکول کے بچوں کے تمام والدین کو اُن کے نکتہ ہائے نظر کی نمائندگی کا موقع فراہم کرے۔

کمیٹی کی جانب سے والدین کے نکتہ ہائے نظر کی نمائندگی کو یقینی بنانے کے طریقہ کار:

- معقول اور با جواز نمائندگی کو یقینی بنانے کیلئے مربوط ابلاغ، مثال کے طور پر سکول کی تعلقات اور جنسی تعلیم (RSE) یا مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط جیسی پالیسیوں سے متعلق معاملات پر آراء اکٹھی کرنا۔ یہ مربوط ابلاغ اجلاسات، سوالناموں، آن لائن سروے وغیرہ کی صورت میں وقوع پزیر ہو سکتا ہے۔
- سکول کے بچوں کے تمام والدین سے مشاورت کیلئے ضرورت پڑنے پر پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اجلاسات منعقد کریں۔
- اجلاسات کے انعقاد سے کافی پہلے اطلاع دیں تاکہ والدین شرکت کیلئے منصوبہ بندی کر سکیں اور کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کر سکیں۔
- کمیٹی کے اراکین کے نام سب کو بجھوائیں اور اُن سے رابطے کے طریقے تجویز کریں۔
- سکول میں والدین کیلئے تجاویز باکس رکھیں۔

## کمیٹی کے اجلاسات منعقد کرنا

**لائحہ عمل (ایجنڈا)**

ایجنڈا اجلاس میں زیر بحث لائے جانے والے نکات کی فہرست ہے۔ نتیجہ خیز اجلاس کے انعقاد کیلئے ایک واضح اور متعین ایجنڈا لازمی ہے۔

سربراہ اور سیکرٹری مل کر ایجنڈا طے کرتے ہیں۔ ہر اجلاس کے اختتام پر سربراہ کو کمیٹی سے پوچھنا چاہئے کہ آیا اُن کے پاس کوئی ایسی بات یا نکتہ ہے جو وہ اگلے ایجنڈا میں شامل کرنا چاہیں گے۔

ایجنڈا میں شامل ہر نکتے کیلئے مختص وقت کے بارے میں ٹھیک ٹھیک ذکر کرنا ایک اچھی سوچ ہے۔

اگر ممکن ہو تو اجلاس سے ایک ہفتہ پہلے ایجنڈا کمیٹی کے تمام اراکین کو بھجوایا جانا چاہئے۔ (پھر بتایا جا رہا ہے کہ یہ بات قابل توجہ ہے کہ این پی سی اس بات کی صلاح دیتی ہے کہ کمیٹی میں بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان شامل ہونے چاہئیں)۔ اس سے کمیٹی کے تمام اراکین کو اجلاس کیلئے تیاری کرنے اور اگر وہ کوئی بات یا نکتہ ایجنڈا میں شامل کرنا چاہتے ہیں تو سربراہ یا سیکرٹری کو اس کے متعلق آگاہ کرنے کا موقع ملتا ہے۔

**سال کے پہلے کمیٹی اجلاس کیلئے ایجنڈا کا نمونہ**

ایجنڈا نکات

1. استقبالیہ
2. افسران کا انتخاب
3. سال بھر کے کام کی منصوبہ بندی
   a. سکول کی پالیسیوں پر نظر ثانی
   b. تعلیمی سال کیلئے تقاریب کی منصوبہ بندی، مثلاً
      - نئے والدین کو کسی صبح کافی پر مدعو کرنا
      - عشائے ربّانی کی پہلی تقریب (First Holy Communion) کے بعد استقبالیہ
      - سکول اوپن ڈے (ایک دن جب عام لوگ سکول اور وہاں ہونے والے کام کا دورہ کر سکتے ہیں)
      - والدین کیلئے گفتگو/مقرر
      - سالانہ عمومی اجلاس
      - اطلاع نامہ (نیوز لیٹر)
4. سال بھر کیلئے مالی امور کی منصوبہ بندی
   a. پیرنٹ ایسوسی ایشن کو چلانے کیلئے فنڈز اکٹھے کرنا
   b. پرنسپل/بورڈ آف مینجمنٹ کے ساتھ سکول کی ضروریات (وش لِسٹ) پر تبادلۂ خیالات کرنا
   c. عمومی حالات میں فنڈز اکٹھے کرنا
5. پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے اجلاسات کی تواریخ
6. آپ کی بیاض (ڈائری) کیلئے تواریخ
7. ** کوئی اور کام
8. اختتامیہ

**کمیٹی کے اجلاسات کیلئے ایجنڈا کا نمونہ**

ایجنڈا نکات

1. استقبالیہ
2. پچھلے اجلاس کی کاروائی کا خلاصہ
3. پیش آنے والے معاملات
4. خط و کتابت
5. خزانچی کی رپورٹ
6. سال کے منصوبے پر نظر ثانی
7. متوقع تقاریب کیلئے منصوبہ بندی
8. ** کوئی اور کام
9. اختتامیہ

* اگر پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کسی ایسی تقریب کا اہتمام کر رہی ہو جس میں کھانے پینے کی اشیاء فراہم کی جا رہی ہوں تو انہیں تقریب سے پہلے لازماً متعلقہ بااختیار ادارے (مقامی HSE کے دفتر) کو اطلاع بھیجنی چاہئے۔ مقامی دفاتر سے رابطے کی تفاصیل فوڈ سیفٹی اتھارٹی آف آئرلینڈ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مشورہ نمبر 1890 33 66 77 ۔ کھانے پینے کی اشیاء خواہ مفت فراہم کی جا رہی ہوں یا فروخت کیلئے دستیاب ہوں، متعلقہ بااختیار ادارے کو لازماً اطلاع بھیجی جانی چاہئے۔ ایسا نہ کرنے میں ناکامی ایک جرم ہے۔

** اختیاری، کیونکہ کمیٹی کے تمام اراکین کو اجلاس سے پہلے ایجنڈا میں اپنے نکات شامل کرنے کا موقع حاصل ہونا چاہئے۔

**خلاصہ (اہم نکات)**

اجلاس کی کاروائی کے خلاصے (اہم نکات) میں اجلاس میں شرکت کرنے والے اور شرکت سے معذرت کرنے والے لوگوں کے ناموں کی فہرست ہونی چاہئے۔ خلاصہ زیر بحث آنے والے موضوعات، کئے جانے والے فیصلوں اور کون کب اور کیا کرے گا کا احاطہ کرتا ہے۔ خلاصے میں افراد کی (ناقدانہ) آراء کو شامل نہیں کیا جانا چاہئے۔

اجلاس کے فوری بعد اجلاس کے اہم نکات کو لکھنا ہمیشہ اچھی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ یاد رکھیں کمیٹی کے اجلاسات کی کاروائی کا خلاصہ صرف کمیٹی کے اراکین کیلئے ہی ہے۔

'اجلاس کی کاروائی کا خلاصہ اجلاس اور اجلاس میں کئے جانے والے فیصلوں کا درست اور غلطی سے پاک ریکارڈ ہے' اس بات پر کمیٹی کی جانب سے اظہار اطمینان کے بعد سربراہ اگلے اجلاس میں خلاصے یعنی اہم نکات پر دستخط کرتا/کرتی ہے اور اس پر تاریخ لکھتا/لکھتی ہے۔

**تبادلۂ خیالات اور رازداری**

کمیٹی کو چاہئے کہ وہ سکول میں والدین سے بے تکلفانہ تبادلۂ خیالات کرے۔ تاہم بعض اوقات **کچھ** ایسے معاملات پیش آ سکتے ہیں جن کو بہر حال صیغۂ راز میں رکھا جانا چاہئے۔ اس طرح کی رازداری کا کمیٹی کے اراکین سے بلا جھجھک اور صریح الفاظ میں اظہار کرنا اور اس کا احترام کرنا ضروری ہے۔

**اجلاسات کب اور کہاں منعقد ہونے چاہئیں**

اجلاسات عام طور پر مہینے میں ایک دفعہ منعقعد ہوتے ہیں جب سکول کُھلے ہوں۔ کمیٹی کے اراکین کو اجلاسات کی پیشگی اطلاع دینا زیادہ لوگوں کی حاضری کو یقینی بنائے گا۔ این پی سی اس بات کی صلاح دیتی ہے کہ اگر ممکن ہو تو اجلاسات سکول میں ہی منعقد کئے جانے چاہئیں۔

**کمیٹی کے اجلاسات کا دورانیہ**

اجلاس کے دورانیے کا پیشگی علم لوگوں کو اپنی توجہ مرکوز رکھنے میں مدد دیتا ہے اور اس سے وقت کے بہتر استعمال کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

**جانچ پڑتال کا عمل**

کمیٹی کیلئے اپنے کام پر نظر ثانی کی روایت قائم کرنا اچھا خیال ہے۔ یہ بات پورے گروپ کو مؤثر ہونے اور اپنے کام کی قدر کرنے کے قابل بناتی ہے۔ مختصر غیر رسمی جانچ پڑتال اجلاس کے اختتام پر ہو سکتی ہے۔ تاہم کمیٹی کے کام پر مکمل نظر ثانی ہر تعلیمی سال کے اختتام پر کی جانی چاہئے۔

**تربیت اور معاونت**

مؤثر کارکردگی کیلئے کمیٹی کو فیصلہ کرنے، ٹیم کی صورت میں کام کرنے اور منصوبہ بندی کرنے جیسی مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمیٹی کو اپنی مہارتوں کی نشوونما کیلئے تربیت (ٹریننگ) اور معاونت تلاش کرنے کے بارے میں غور کرنا چاہئے۔ این پی سی پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تربیتی پروگراموں کے بارے میں معلومات کیلئے www.npc.ie ملاحظہ فرمائیں یا ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام سے رابطہ کریں۔ ٹیلی فون: 01 887 4475 - ای میل: training@npc.ie

## کمیٹی کا اچھا رُکن کیسے بنا جا سکتا ہے؟

کمیٹی کے رُکن کے طور پر فرد کی حیثیت سے مؤثر انداز میں کام سرانجام دینا اہمیت کا حامل ہے لیکن دوسری جانب کمیٹی ٹیم کے ایک حصّے کے طور پر سب کے ساتھ مل کر کام کرنا بھی نہایت ضروری ہے۔

نوواردگان (نئے آنے والوں) کو یہ احساس دلانے کیلئے کہ آپ اُن کی آمد سے خوش ہیں اور کمیٹی کے معاملات میں اُن کی سرگرم شرکت میں اُن کی مدد کرنے کیلئے اس بارے میں سال کے آغاز میں وقت صرف کریں۔

یاد رکھیں کہ نوواردگان کیلئے پہلے سے قائم گروپ میں شامل ہونا مشکل ہوتا ہے۔

نئے اراکین کو اس بات کا احساس دلانے کے طریقے کہ آپ اُن کی آمد سے خوش ہیں:

- کمیٹی کے تمام اراکین کو اپنا تعارف کروانا چاہئے۔
- موجودہ اراکین کو (کام کرنے کیلئے) کسی نووارد کے ساتھ جوڑا بنا لینا چاہئے۔
- 'لوگ کیوں شریک ہوئے ہیں' اس بات کو سننے کیلئے وقت دیں۔

- ایک دوسرے کو جاننے میں لوگوں کی مدد کیلئے کسی سماجی تقریب کا اہتمام کریں
- اجلاسات میں قابل فہم اور سادہ زبان استعمال کریں اور استعمال کئے جانے والے سرنامیے اور (کسی مخصوص شعبے سے متعلق) اصطلاحات کی وضاحت کریں
- جونہی ماضی میں زیر بحث لائے جانے والے نکات سامنے آئیں، نئے اراکین کیلئے ان کا مختصر سیاق و سباق پیش کریں
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کام اور اہداف کے بارے میں نوواردگان کے سوالات کا جواب دیں

اگر آپ نووارد ہیں تو بلاخوف پوچھیں۔ کسی کو بھی آپ سے یہ توقع نہیں ہو گی کہ آپ سب **کچھ** جانتے ہیں۔

**خوب تیاری کریں**

اجلاس کی کاروائی کے خلاصے اور بھیجی جانے والی دیگر معلومات کا اجلاس سے پہلے مطالعہ کریں۔ اجلاس کے مقصد کے بارے میں واضح رہیں۔ وہ نکات تیار کریں جو آپ اجلاس میں پیش کرنے جا رہے ہیں۔

**بھرپور شرکت کریں**

جو **کچھ** کہا جارہا ہو اُسے توجہ سے سنیں اور اس کے بارے میں غور کریں۔ جب آپ **کچھ** کہنا چاہیں تو بلا جھجھک بولیں۔ اپنی بات مناسب وقت پر پیش کریں۔

**جذبات سے اچھی طرح واقف ہوں**

لوگوں کے جذبات سے اچھی طرح واقف ہونا ضروری ھے۔ یہ بات کو بہتر انداز میں سننے اور سمجھنے میں ہر کسی کی مدد کرے گا۔

**دوسرے نکتہ ہائے نظر کو سُنیں**

اپنی رائے تبدیل کرنے میں معقولیت اور فراخدلی کا ثبوت دیں۔ اجلاس کے مقاصد میں سے ایک تبادلۂ خیالات و معلومات، ایک دوسرے سے سیکھنا اور معاملات پر دوسروں کے نکتۂ ہائے نظر کو سننا ھے۔

**دوسروں کی حصّہ لینے میں مدد کریں**

دوسروں کی کہی ہوئی باتوں کو بنیاد بنائیں۔ اگر کوئی رہ گیا ھے یا اگر کسی نے ابھی تک کوئی بات نہیں کی تو انہیں بھی گفتگو میں شامل کریں۔ یہ ضروری ھے کہ لوگ اپنی اہمیت کو محسوس کریں اور ایک وقت میں ایک ہی فرد کا بولنا اس بات کو یقینی بناتا ھے کہ ہر ایک کی بات سنی جاتی ھے اور لوگ سمجھتے ہیں کہ اجلاس میں کیا ہو رہا ھے۔ کمیٹی کے اراکین کو کمیونٹی میں رائج مختلف روایات سے واقف ہونا چاہئے، تمام اراکین کا احترام کرنا چاہئے اور کمیٹی میں تمام اراکین شامل ہونے چاہئیں۔

**اپنی بات دیانتداری سے اور بے تکلفانہ دوسروں تک پہنچائیں**

یہ ضروری ھے کہ لوگوں کو اجلاس میں اپنی آراء کا اظہار کرنا چاہئے اور یہ کہ وہ آراء ایجنڈا کے نکات کے لحاظ سے موزوں اور اُن سے مطابقت رکھتی ہوں۔ یہ کام بعض اوقات مشکل ہو سکتا ھے لیکن اجلاس کے بعد آراء دینے سے زیادہ مفید ھے۔ آراء کا برملا اظہار نہ ہونے کی صورت میں بعض اوقات یہ صورتِ حال پیش آ سکتی ھے۔

**سربراہ کی تائید کریں**

سربراہ کے حامی بنیں اور مفید مشورہ یا معلومات فراہم کریں۔ آگے بڑھنے کے بارے میں اپنے تصورات پیش کریں۔ یاد رکھیں کہ کمیٹی کا ایک ٹیم کی صورت میں کام کرنا نہایت اہمیت کا حامل ھے۔

**بااعتماد ہوں**

اگر آپ کوئی کام کرنے کی ذمہ داری لیتے ہیں تو لازماً اسے سرانجام دیں۔ اس کے بعد اگلے اجلاس میں رپورٹ پیش کرنے کیلئے تیار رہیں۔

# باب نمبر 6 - پیرنٹ ایسوسی ایشن کے مالی امور

## قانونی پس منظر

پیرنٹ ایسوسی ایشن کو ایسوسی ایشن کے نظم و نسق اور سرگرمیوں کیلئے فنڈز اکٹھا کرنے اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کے نام سے (کسی بنک یا مالی ادارے میں) کھاتہ کھلوانے کا حق حاصل ھے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تمام اراکین کے تحفظ کیلئے این پی سی تجویز پیش کرتی ھے کہ چیک پر دستخط کرنے کی ذمہ داری دو افراد پر ہونی چاہئے، یعنی ہر چیک پر دو (افراد کے) دستخط درکار ہونے چاہئیں۔ دستخط کنندگان عام طور پر خزانچی اور اس کے ساتھ سربراہ یا سیکرٹری ہوتے ہیں۔

خزانچی کو چاہئے کہ جن افراد کو چیک پر دستخط کرنے کا حق دیا گیا ھے اُن کے ناموں کی تصدیق کیلئے لازماً ایک فارم مکمل کر کے بنک میں جمع کروائے۔ عام طور پر ایسا ہر سال کیا جاتا ھے جب کمیٹی کے اراکین میں تبدیلی واقع ہوتی ھے۔

(آمدن اور اخراجات) سے متعلقہ لین دین کے تمام معاملات کی وضاحت پیش کی جانی چاہئے اور خزانچی کو چاہئے کہ ہر اجلاس میں ایک رپورٹ پیش کرے۔

کھاتوں کا مکمل حساب کتاب رکھا جانا چاہئے اور ایسوسی ایشن کے قواعد (آئین) کے مطابق پیرنٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ عمومی اجلاس میں پیش کئے جانے چاہئیں۔

نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو آمدن اور اخراجات کی سالانہ رپورٹ کی ایک نقل بورڈ آف مینجمنٹ کو معلوماتی مقاصد کیلئے بھجوانے کی صلاح دیتی ھے۔

## فنڈز اکٹھے کرنا

آئرلینڈ میں پرائمری سکول کی تعلیم مفت فراہم کی جاتی ھے اور پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو اس بارے میں لازماً محتاط رہنا چاہئے کہ ایسوسی ایشن یا سکول کیلئے فنڈز اکٹھے کرنے کیلئے والدین پر دباؤ نہ ڈالا جائے۔

تعلیمی سال کے آغاز میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو پرنسپل سے ملاقات کرنی چاہئے جو کہ بورڈ آف مینجمنٹ کا/کی رُکن ہوتا/ہوتی ھے اور یہ مل کر فیصلہ کریں گے کہ سکول کیلئے مفید ترین کیا ہو گا۔ پرنسپل خواہشات کی ایک فہرست (وِش لِسٹ) تیار کر سکتا/سکتی ھے جس میں سے پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی انتخاب کر سکتی ھے۔ کسی بھی قسم کے فنڈز اکٹھا کئے جانے سے پہلے بورڈ آف مینجمنٹ کی منظوری کی ضرورت ہوتی ھے۔

اکٹھا کئے جانے والے فنڈز پر آنے والے اخراجات بورڈ آف مینجمنٹ پیرنٹ ایسوسی ایشن کی مشاورت سے ادا کرتا ھے۔ پرنسپل/بورڈ آف مینجمنٹ کو پیرنٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے فراہم کردہ فنڈز سے خریدی جانی والی تمام اشیاء/خدمات کی رسیدیں پیرنٹ ایسوسی ایشن کو دینی چاہئیں۔

ہر طرح کے فنڈز لازماً صرف اُسی/اُنہی مقصد/مقاصد کیلئے استعمال کئے جانے چاہئیں جس/جن کیلئے رقم اکٹھا کی گئی ہو۔ مثال کے طور پر کھیلوں کے سامان کیلئے اکٹھا کی جانے والی رقم لازماً کھیلوں کے سامان پر ہی خرچ کی جانی چاہئے۔ اگر مخصوص استثنائی حالات میں بورڈ آف مینجمنٹ کیلئے کسی مخصوص مقصد کیلئے اکٹھا کئے جانے والے تمام فنڈز صرف اسی مقصد کیلئے استعمال کرنا غیر ضروری ہو جائے تو بورڈ آف مینجمنٹ پیرنٹ ایسوسی ایشن کو اور جہاں مناسب ہو مقامی کمیونٹی کو بھی اس بات سے آگاہ کرے گا۔ ہر حال میں فنڈز صرف سکول کیلئے ہی استعمال کئے جانے چاہئیں۔ بورڈ آف مینجمنٹ پیرنٹ ایسوسی ایشن کی مشاورت سے اُس مقصد کی تبدیلی کا فیصلہ کرے گا جس کیلئے فنڈز استعمال کئے جاتے ہیں۔

بورڈ آف مینجمنٹ ہر تعلیمی سال کے اختتام پر آمدن اور اخراجات کا مکمل کھاتہ تیار کرتا ہے اور یہ سکول کے بچوں کے تمام والدین کو دستیاب ہونا چاہئے۔ یہ سکول کی عام نوعیت کی آمدن اور اخراجات کی سرگرمیوں بشمول پیرنٹ ایسوسی ایشن کے عطیات کو ظاہر کرے گا۔

کسی سکول میں پیرنٹ ایسوسی ایشن اور بورڈ آف مینجمنٹ کے مابین مالی (امور سے متعلق) جوابد ہی کے بارے میں معلومات این پی سی کے کتابچے "The Board of Management in your Primary School – A Guide for Parents" میں بھی شائع کی جاتی ہے۔ یہ www.npc.ie پر بھی دستیاب ہے اور این پی سی کے دفتر سے بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔ ٹیلی فون: 01 887 4034

**فنڈز اکٹھے کرنے کے طریقے**

| | | |
|---|---|---|
| فنی نمائش | دیدہ زیب ملبوسات کا مقابلہ | ریفل (رقم اکٹھی کرنے کیلئے لاٹری) |
| نیلامی | فیشن شو | استعمال شدہ کتابوں کی فروخت |
| بیگ پیکنگ | گھر میں تیار کردہ اشیاء کا میلہ | سپانسرڈ خاموشی |
| رقص کی غیر رسمی سماجی تقریب - ceílí | استعمال شدہ اشیاء کی فروخت | سپانسرڈ واک |
| کیک کی فروخت | بغیر وردی کا دن | کھلونوں کا میلہ |
| کرسمس کا میلہ | معلوماتِ عامہ کا مقابلے کی رات | رضاکارانہ عطیہ |
| کافی مورننگ | دوڑ کے مقابلوں کی رات | انگوری شراب اور پنیر کی شام |

**رضاکارانہ عطیات**

سبھی سکول رضاکارانہ عطیہ (کے نظام کو) زیرِ عمل نہیں لاتے اور جو لاتے ہیں اُن سکولوں میں رضاکارانہ عطیہ سے مُراد کئی چیزیں ہو سکتی ہیں۔ بورڈ آف مینجمنٹ کی طرف سے پیرنٹ ایسوسی ایشن یا دیگر جگہوں پر بورڈ آف مینجمنٹ/پرنسپل رضاکارانہ عطیہ کے معاملات کی **دیکھ** بھال کر سکتے ہیں۔

اگر رضاکارانہ عطیہ کا اہتمام کیا جاتا ہے تو اسے ہر صورت میں یہی ہونا چاہئے، یعنی رضاکارانہ!
کسی بھی صورت میں کسی بھی بچے یا والد/والدہ کی عطیہ دینے یا عطیہ نہ دینے والے کی حیثیت سے شناخت نہیں کی جانی چاہئے۔

## پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے بیمہ (انشورنس)

نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو ہرجانوں (کیلئے کوئی دعوٰی دائر ہونے) کی صورت میں اپنے اراکین کو نقصان سے بچانے کی غرض سے اپنا بیمہ (انشورنس) کرانے کا مشورہ دیتی ہے۔

یہ انشورنس ایسی ہونی چاہئے جو فنڈز اکٹھا کرنے، اجلاسات، کھیلوں کے انعقاد کے دنوں، خدمات کی فروخت وغیرہ جیسے معاملات میں حفاظت فراہم کرے۔

انشورنس پالیسیاں پیرنٹ ایسوسی ایشنز کی جانب سے چلائے جانے والے موسم گرما کے سکولوں/کیمپوں کیلئے بھی دستیاب ہیں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو چاہئے کہ اس بات کو یقینی بنائے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کی تمام سرگرمیاں صحت اور حفاظت سے متعلقہ ہدایات کے عین مطابق ہیں۔

پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو اپنی بیمہ کی ضروریات کے بارے میں کسی انشورنس بروکر سے تبادلۂ خیالات کی ضرورت ہے۔

# باب نمبر 7 ۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کانسٹی ٹیوشن (آئین)

## پیرنٹ ایسوسی ایشن کا نسٹی ٹیوشن (آئین) کیا ھے؟

ہر ایسوسی ایشن کے پاس اُس کے کام میں راہنمائی اور طریقہ کار کے تعین کیلئے بنیادی اصول/قواعد موجود ہونے چاہئیں۔ ان قواعد کو ایسوسی ایشن کے آئین یا دستور میں یکجا کر دیا جاتا ھے۔

یہ بات نہایت اہم ھے کہ والدین جس انداز میں اپنی ایسوسی ایشن کو کام کرتے دیکھنا چاہتے ہیں، ہر نئی پیرنٹ ایسوسی ایشن اُس بارے میں غور کرے۔ پہلے سے قائم شدہ پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن موٗثر انداز میں چل رہی ھے اپنے آئین پر نظر ثانی بھی کرنی چاہئے۔

ایک ایسے آئین کی تشکیل میں وقت صرف کرنا مفید ہو سکتا ھے جو خاص طور پر پیرنٹ ایسوسی ایشن کی ضروریات سے متعلق ہو۔ ہر پیرنٹ ایسوسی ایشن منفرد ہوتی ھے، اس لئے کسی دوسرے آئین کی نقل کرنا خلافِ عقلمندی بات ھے۔

اہم سوالات کی فہرست:

- پیرنٹ ایسوسی ایشن کا مقصد کیا ھے؟
- کمیٹی میں کتنے افراد کی ضرورت ھے؟ یاد رکھیں این پی سی اس بات کی صلاح دیتی ھے کہ بورڈ آف مینجمنٹ میں شامل والدین کے نمائندگان میں سے دو افراد کمیٹی میں شامل ہونے چاہئیں۔
- کمیٹی کس طرح ترتیب دی جائے گی؟ مثال کے طور پر کیا آپ کلاس نمائندگان یا علاقہ نمائندگان کو شامل کریں گے یا پھر ایسے کسی شخص کو جو آگے بڑھ کر الیکشن کا خواہشمند ہو؟
- گروپ کو کوئی فیصلہ کرنے کیلئے کمیٹی کے کتنے اراکین کا حاضر ہونا ضروری ھے؟
(کیا اراکین کی مطلوبہ تعداد 1 + % 50 ہو گی؟)
- کیا ذیلی کمیٹیوں کی ضرورت ہو گی؟ ذیلی کمیٹی کس طرح تشکیل دی جائے گی؟ یہ کیا کام سر انجام دے گی؟ یہ کمیٹی کو واپس رپورٹ کیسے پیش کرے گی؟
- آپ اس بات کی یقین دہانی کیسے کریں گے کہ کمیٹی میں ہر طرح کے لوگ شامل ہیں اور سکول کے بچوں کے والدین میں سے کوئی بھی اس سے خارج نہیں ھے؟
- کیا پیرنٹ ایسوسی ایشن سکول کیلئے فنڈز اکٹھا کرے گی؟
- ایسوسی ایشن کو چلانے کیلئے فنڈز کیسے اکٹھا کئے جائیں گے؟ ان فنڈز کی **دیکھ** بھال کیسے کی جائے گی؟
- ضرورت پڑنے پر آئین میں ترمیم کیسے کی جائے گی؟
- کیا کمیٹی نیشنل پیرنٹس کاوٗنسل پرائمری کی رُکنیت کیلئے منصوبہ بندی کرے گی؟

## آئین کا مسودہ تیار کرنا

آئین کو تحریر کرنا ایک حوصلہ شکن کام معلوم ہو سکتا ھے۔ آغاز کرنے کا ایک طریقہ یہ ھے کہ افراد کا ایک چھوٹا گروپ مندرجہ بالا فہرست پر کام کرے۔ دیگر والدین، پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ کے/کی سربراہ کے پاس بھی پیش کرنے کیلئے تصوّرات ہو سکتے ہیں۔ این پی سی بھی معاونت فراہم کرنے کے قابل ہو گی۔

جب افراد کا چھوٹا گروہ **کچھ** ابتدائی تمہیدی کام مکمل کر لے تو انہیں آئین کا ابتدائی خاکہ تیار کرنا چاہئے اور اُسے تمام والدین میں تقسیم کرنا چاہئے۔ کسی اجلاس میں یا تحریری طور پر والدین کی آراء اکٹھی کی جانی چاہئیں۔ اس موقع پر آئین کے ابتدائی خاکے کو بہتر بنانے کیلئے اس میں تبدیلیاں کی جا سکتی ہیں۔

آئین کی حتمی شکل کو اجلاس میں پیش کیا جانا چاہئے (زیادہ تر والدین یہ کام سالانہ عمومی اجلاس میں کرتے ہیں) جس میں تمام والدین کو مدعو کیا جائے اور پھر آئین کو ووٹوں کی سادہ اکثریت سے اختیار کیا جا سکتا ہے۔

آئین میں ترامیم عام طور پر سالانہ عمومی اجلاس میں کی جا سکتی ہیں۔ تاہم فوری ضرورت پیش آنے کی صورت میں ایک خصوصی اجلاس جسے Extraordinary General Meeting (EGM) ہنگامی اجلاس کہتے ہیں منعقد کیا جا سکتا ہے۔ آئین کو تبدیل کرنے کی تجاویز تحریری طور پر پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو بھجوائی جانی چاہئیں۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو چاہئے کو وہ سالانہ عمومی اجلاس / ہنگامی اجلاس سے پہلے اُن تجاویز کو تمام والدین میں تقسیم کرے۔ سکول کے بچوں کے تمام والدین اجلاس میں اُن تجاویز پر ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

آئین کا نمونہ

آئین کا یہ نمونہ صرف راہنمائی کے مقاصد کیلئے ہے۔ ہر پیرنٹ ایسوسی ایشن کو اپنی باکفایت اور موٴثر کارکردگی کو یقینی بنانے کیلئے لازماً اپنا آئین یا قواعد ترتیب دینے چاہئیں۔

_____________ نیشنل سکول کی پیرنٹ ایسوسی ایشن کا آئین

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کا مقصد**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کا مقصد ایک ایسا بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنا ہے جس کے ذریعے _________ نیشنل سکول میں زیرِ تعلیم بچوں کے والدین / سرپرست اپنے بچوں کیلئے ممکنہ حد تک بہترین تعلیم کی خاطر مل جُل کر کام کر سکیں۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن گھر اور سکول کے درمیان موٴثر شراکت قائم کرنے کیلئے پرنسپل، سٹاف اور بورڈ آف مینجمنٹ کے ساتھ کام کرے گی۔

ایجوکیشن ایکٹ 1998 کے تحت

دفعہ 26 - (1) کسی تسلیم شدہ سکول کے طلباء کے والدین اس سکول کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کر سکتے ہیں اور خود میں سے ہی (اراکین کا انتخاب کر کے) اسے قائم **رکھ** سکتے ہیں اور اُس تنظیم کی رُکنیت کے دروازے اُس سکول کے طلباء کے تمام والدین کیلئے کھُلے ہوں گے۔

(2) پیرنٹ ایسوسی ایشن بورڈ، پرنسپل، اساتذہ اور سکول کے طلباء کے تعاون سے سکول میں طلباء کی دلچسپیوں کو فروغ دے گی اور اس مقصد کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن

(الف) سکول سے متعلقہ کسی بھی معاملے میں پرنسپل یا بورڈ کو مشورہ دے سکتی ہے اور متعلقہ پرنسپل یا بورڈ اس طرح کے کسی بھی مشورے کا احترام کرے گا/گی اور

(ب) ایسی سرگرمیوں پر مشتمل پروگرام اختیار کر سکتی ہے جو پرنسپل کے مشورے سے سکول کو چلانے میں والدین کی شرکت کو فروغ دے گا۔

(4)

(الف) پیرنٹ ایسوسی ایشن اپنے اراکین سے مشاورت کے بعد اپنے اجلاسات، کام اور اپنے معاملات کے اُسلوب کے بارے میں قواعد تیار کرے گی۔

(ب) جہاں پیرنٹ ایسوسی ایشن کا الحاق نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس (والدین کی قومی تنظیم) سے ہو وہاں قواعد جن کا حوالہ پیرا (الف) میں ہے نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس کی منسٹر کی اتفاق رائے سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق ہوں گے۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کا مقصد**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کا مقصد والدین کو اپنے بچوں کیلئے ممکنہ حد تک بہترین تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے اور یہ کہ اس مقصد کا حصول ایسوسی ایشن کے سرگرمیوں کے پروگرام کے ذریعے ہوتا ہے۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن ایجوکیشن ایکٹ 1998 کی شرائط کے مطابق بورڈ آف مینجمنٹ، پرنسپل، اساتذہ اور طلباء کے تعاون سے طلباء کی دلچسپیوں کو فروغ دے گی۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کا کام**

پیرنٹ ایسوسی ایشن سرگرمیوں کا ایک ایسا پروگرام اپنے ذمہ لے گی جو (سکول کے معاملات میں) والدین کی شرکت کو فروغ دے گا اور طلباء، والدین اور سکول سٹاف کی ہمت افزائی کرے گا۔ اپنی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی میں پیرنٹ ایسوسی ایشن سکول کے/کی پرنسپل سے مشورہ کرے گی۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کی رُکنیت**

____________ نیشنل سکول میں زیرِ تعلیم بچوں کے تمام والدین یا سرپرست پیرنٹ ایسوسی ایشن کے رُکن تصور کئے جائیں گے۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کی کمیٹی**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اراکین ایک کمیٹی کا انتخاب کریں گے جو زیادہ سے زیادہ ________ (تعداد درج کریں) اور کم سے کم ________ (تعداد درج کریں) افراد پر مشتمل ہو گی۔ ____________ نیشنل سکول میں زیرِ تعلیم بچوں کے والدین کی نمائندگی اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کی **دیکھ** بھال کی ذمہ داری کمیٹی پر ہو گی۔

**ذیلی کمیٹیاں**

چند مخصوص کاموں کیلئے ذیلی کمیٹیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں۔ ذیلی کمیٹیاں اپنے کام میں مدد اور معاونت کیلئے تمام اراکین کی رضامندی سے لوگوں کا اپنا رُکن بنا سکتی ہیں۔ ذیلی کمیٹیاں کوئی فیصلہ نہیں کر سکتیں اور وہ ہر وقت مرکزی کمیٹی کے سامنے جوابدہ ہوتی ہیں۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کا الیکشن**

کمیٹی کے اراکین کا انتخاب ہر سال پیرنٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ عمومہ اجلاس میں ہو گا۔

ہر رُکن ایک سال کیلئے منتخب کیا جائے گا۔ سالانہ عمومی اجلاس میں کمیٹی کے تمام اراکین اپنے عہدوں سے دستبردار ہو جاتے ہیں لیکن جب تک وہ خدمات سرانجام دینے کے اہل ہیں یعنی جب تک وہ سکول میں زیرِ تعلیم کسی بچے کے والد/والدہ یا سرپرست ہیں تب تک اُنہیں دوبارہ منتخب کیا جا سکتا ھے۔

کمیٹی نئے اراکین کیلئے ہر سال __________ (تعداد درج کریں) نشستوں کی دستیابی کو یقینی بنائے گی۔

بورڈ آف مینجمنٹ کیلئے منتخب کردہ والدین کے نمائندگان خود بخود کمیٹی کے رُکن بن جاتے ہیں لیکن وہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی میں کوئی افسر عہدہ اپنے پاس نہیں ر**کھ** سکتے۔

کمیٹی کا کوئی بھی رُکن مسلسل تین سال سے زیادہ ایک ہی افسر عہدہ اپنے پاس نہیں رکھے گا۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کی کمیٹی کا کام**

والدین کی پوری جماعت سے متعلقہ معاملات میں تمام والدین کی مشاورت کو یقینی بنانے کی ذمہ داری پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی پر ہو گی۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی ایجوکیشن ایکٹ 1998 کی دفعہ (a)(2)– .26 کے مطابق پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ کو سکول سے متعلقہ کسی بھی معاملے میں مشورہ دے سکتی ھے۔

کمیٹی ایک ٹیم ھے جو والدین کی جماعت (یعنی اراکین) کی طرف سے ایسوسی ایشن کے کاموں کی **دیکھ** بھال کرے گی۔

کمیٹی والدین کے مشورے اور اُن کی خواہشات کے مطابق ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کیلئے ایک منصوبہ تیار کرے گی۔

کمیٹی سرگرمیوں کے باکفایت اور مؤثر انداز میں انعقاد کی نگرانی کرنے کی ذمہ دار ہو گی۔

کسی سال کیلئے سرگرمیوں کا پروگرام ترتیب دیتے وقت کمیٹی سکول کے/کی پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ سے مشورہ کرے گی۔

کمیٹی پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ کے سات**ھ** ایک دوسرے تک اپنی بات کے ابلاغ کا جاری نظام ترتیب دے گی۔

سالانہ عمومی اجلاس میں کمیٹی اپنے کام کے بارے میں والدین کی پوری جماعت (اراکین) کو رپورٹ پیش کرے گی۔

کمیٹی پیرنٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے اکٹھا اور خرچ کئے گئے ہر قسم کے فنڈز کی **دیکھ** بھال کا کام اور حساب پیش کرے گی۔

**سرمایہ**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی فنڈز اکٹھا کر کے پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کیلئے سرمایہ فراہم کرے گی۔

کمیٹی اراکین میں سے ایک کو خزانچی مقرر کیا جائے گا جو پیرنٹ ایسوسی ایشن کے مالی امور سے متعلقہ آمدن اور اخراجات کا حساب کتاب رکھنے کا/کی ذمہ دار ہو گا/گی۔ خزانچی کمیٹی کے ہر اجلاس میں آمدن اور اخراجات کے کھاتے کی تفصیل پیش کرے گا/گی۔

آمدن اور اخراجات کے کھاتے کی تحریری تفصیل سالانہ عمومی اجلاس میں پیش کی جائے گی اور اس کی ایک نقل بورڈ آف مینجمنٹ کو اُن کی معلومات کیلئے ارسال کی جائے گی۔

پیرنٹ ایسوسی ایشن اپنے نام سے بنک میں ایک کھاتہ رکھے گی۔ ہر جاری ہونے والے چیک پر دو دستخط درکار ہیں۔ خزانچی اور اس کام پر مامور کم از کم ایک اور شخص کو کھاتے میں سے کاٹے جانے والے تمام چیکوں پر لازماً دستخط کرنے چاہئیں۔

**سکول کیلئے فنڈز اکٹھے کرنا**

پیرنٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے سکول کیلئے فنڈز اکٹھا کرنے کا کام بورڈ آف مینجمنٹ کی پیشگی منظوری سے کیا جائے گا۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی بورڈ آف مینجمنٹ کے سات**ھ** اُن مخصوص مقاصد پر اتفاق رائے کرے گی جن کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن نے فنڈز اکٹھا کرنے ہوں۔

**نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری کی رُکنیت**

پیرنٹ ایسوسی ایشن سالانہ چندہ ادا کر کے نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری کی رُکنیت برقرار رکھے گی۔

**آئین میں ترمیم کرنا**

آئین میں ترامیم سالانہ عمومی اجلاس میں کی جا سکتی ہیں یا کسی ہنگامی بنیاد پر اُس مخصوص مقصد کیلئے ہنگامی اجلاس (EGM) طلب کیا جا سکتا ھے۔

آئین میں ترمیم کی تجاویز تحریری طور پر پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو بھجوائی جانی چاہئیں۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی سالانہ عمومی اجلاس / ہنگامی اجلاس سے پہلے اُن تجاویز کو تمام والدین میں تقسیم کرے گی۔ سکول کے بچوں کے تمام والدین اجلاس میں اُن تجاویز پر ووٹ دینے کے اہل ہیں۔

# باب نمبر 8 ۔ سالانہ عمومی اجلاس (AGM)

سالانہ عمومی اجلاس اہمیت کا حامل ھے کیونکہ یہ دیانتداری اور جوابدہی (کے احساس کو) یقینی بناتا ھے اور یہ ضروری ھے کہ سکول کے تمام بچوں کے والدین کو اس میں شرکت کی دعوت دی جائے اور اُن کا خیر مقدم کیا جائے۔ پرنسپل اور بورڈ آف مینجمنٹ کو دعوت نامے بھجوائے جانے چاہئیں۔ دیانتداری اور شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی سالانہ عمومی اجلاس میں لازماً:

- گزشتہ برس کے کام کی وضاحت پیش کرے
- وصول اور خرچ کی جانے والی رقم کا حساب دے
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کیلئے انتخابات کا انعقاد کرے

## سالانہ عمومی اجلاس کی منصوبہ بندی

سالانہ عمومی اجلاس تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت منعقد کیا جا سکتا ھے۔ بہت سی پیرنٹ ایسوسی ایشنز اپنا سالانہ عمومی اجلاس ستمبر/اکتوبر میں منعقد کرتی ہیں۔ سکول کے بچوں کے تمام والدین کو سالانہ عمومی اجلاس کے بارے میں کم از کم 10 دن پہلے تحریری اطلاع نامے بھجوائے جانے چاہئیں۔ اس اطلاع نامے میں لائحہ عمل (ایجنڈا) بھی شامل ہونا چاہئے۔

شرکت کیلئے والدین کی حوصلہ افزائی کرنا اہمیت کا حامل ھے، اس لئے ایجنڈا میں والدین کی دلچسپی کے نکات کا شامل ہونا ضروری ھے۔ ان میں کسی مقرر کا خطاب، سکول کمیونٹی کے دوسرے افراد سے ملاقات کے مواقع اور بچوں کے کام کی نمائش شامل ہو سکتے ہیں۔

**کام کی وضاحت**

مندرجہ ذیل کے ذریعے پیش کی جاتی ھے:

- گزشتہ سالانہ عمومی اجلاس کی کاروائی کا خلاصہ
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کام کے بارے میں سربراہ کی رپورٹ
- این پی سی کی سرگرمیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات
- ذیلی کمیٹیوں مثلاً سماجی کمیٹی، فنڈز اکٹھا کرنے والی کمیٹی، بعد از سکول سرگرمیوں کا اہتمام کرنے والی کمیٹی کی جانب سے رپورٹ

**رقم کا حساب کتاب**

خزانچی کو چاہئے کہ وہ سالانہ عمومی اجلاس میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کی مالی امور سے متعلقہ سرگرمی کے بارے میں ایک مالی رپورٹ لازماً پیش کرے۔ اس میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سال بھر کی آمدن اور اخراجات کی رپورٹ شامل ہو گی۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشن کے انتخابات کا انعقاد**

ہر سالانہ عمومی اجلاس میں گزشتہ سال کی پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے اراکین اپنے عہدوں سے دستبردار ہو جاتے ہیں اور نئی کمیٹی کا انتخاب کیا جاتا ھے۔ سبکدوش ہونے والی کمیٹی کے اراکین کا شکریہ ادا کرنا اور اُن کی کارکردگی کا اعتراف کرنا اہمیت کا حامل ھے۔ کمیٹی اراکین کے انتخاب کا طریقہ کار باب نمبر 4 میں مرحلہ نمبر 4 پر مل سکتا ھے۔

دیگر امور جو سالانہ عمومی اجلاس میں واقع ہو سکتے ہیں میں درج ذیل شامل ہیں:

- نئے والدین کا استقبال کرنا
- سالانہ عمومی اجلاس میں والدین کو ایک دوسرے سے ملاقات کا موقع حاصل ہونا
- سال بھر میں منعقد ہونے والی تقاریب کی منصوبہ بندی کے بارے میں آراء حاصل کرنا
- والدین سے دریافت کرنا کہ اُن کیلئے کونسی سرگرمیاں مفید ہوں گی

- والدین کی دلچسپی کے کسی موضوع پر گفتگو کا اہتمام کرنا
- والدین کو پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کام کے بارے میں تبادلۂ خیالات کرنے اور سوالات پوچھنے کے مواقع فراہم کرنا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کے سرگرم رُکن بننے کیلئے والدین کی حوصلہ افزائی کرنا
- گزشتہ برس کے کام پر جشن منانا
- پرنسپل اور/یا بورڈ آف مینجمنٹ کے سربراہ کو ایسوسی ایشن کے اراکین سے خطاب کی دعوت دینا

ایجنڈا کو مختصر اور جامع رکھنا اہمیت کا حامل ہے تاکہ لوگ بوریت کا شکار نہ ہونے پائیں۔ اجلاس کا آغاز مقررہ وقت پر کریں اور اسے بہت زیادہ دیر تک جاری نہ رہنے دیں۔

## سالانہ عمومی اجلاس کیلئے لائحہ عمل (ایجنڈا) کا نمونہ

(یہ ایجنڈا کا نمونہ ہے، اس لئے براہِ مہربانی نوٹ فرما لیں کہ یہاں پر دیے گئے اوقات محض علامتی ہیں)

8pm تا 9.40pm

| | ایجنڈا نکات | وقت |
|---|---|---|
| 1. | اسقبالیہ | |
| 2. | گزشتہ سالانہ عمومی اجلاس کی کاروائی کا خلاصہ | 5 منٹ |
| 3. | سربراہ کی رپورٹ | 10 منٹ |
| 4. | (آمدن اور اخراجات کی) مالی رپورٹ | 10 منٹ |
| 5. | ذیلی کمیٹیوں کی جانب سے رپورٹ | 10 منٹ |
| 6. | این پی سی کے بارے میں اطلاعات اور تازہ ترین معلومات | 5 منٹ |
| 7. | پرنسپل/بورڈ آف مینجمنٹ کا خطاب | 10 منٹ |
| 8. | نئی پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کا انتخاب | 15 منٹ |
| 9. | مہمان مقرر | 30 منٹ |
| 10. | اختتامیہ | 5 منٹ |
| | چائے اور کافی | |

# باب نمبر 9 ۔ نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری

## تعارف

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری (NPC) پرائمری یا ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے والدین کی نمائندہ تنظیم ہے۔ یہ تعلیم والدین کی مرضی کے ماحول میں وقوع پذیر ہو سکتی ھے۔ بعض والدین اپنے بچوں کو تعلیم دینے کیلئے مختلف سکولوں یا نرسری سکولوں کا انتخاب کر تے ہیں جبکہ ہو سکتا ھے بعض اپنے بچوں کو گھر پر ہی تعلیم دینا پسند کریں۔

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری کا قیام 1985 میں ایک حکومتی پروگرام کے تحت پرائمری سکول میں تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کے والدین کی نمائندہ تنظیم کے طور پر عمل میں آیا اور 1998 میں اسے قانونی حیثیت حاصل ہوئی۔ (ایجوکیشن ایکٹ کی دفعہ (1)– .2 "نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس"، ضمیمہ نمبر 1 ملاحظہ فرمائیں)۔

NPC کی حیثیت ایک خیراتی ادارے کی ہے اور یہ ایک محدود ضمانت کی کمپنی ہے۔ اس میں ڈائریکٹرز کا ایک بورڈ ہوتا ہے اور یہ ایک چیف ایگزیکٹو اور عملے کی خدمات حاصل کرتی ھے۔

## این پی سی کا اپنے مقاصد کے بارے میں رسمی بیان

" نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری ہر بچے کی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے اور تعلیم کے ہر مرحلے پر والدین کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے کی غرض سے تمام بچوں کی ابتدائی اور پرائمری تعلیم کی ترقی کے عمل میں اپنا کردار ادا کرنے کیلئے قائم ہوئی ہے۔"

## این پی سی کا بنیادی ڈھانچہ

### اراکین

این پی سی کے اندر رُکنیت کی دو اقسام ہیں۔ وہ تمام پیرنٹ ایسوسی ایشنز این پی سی کی ُفل رُکن ہیں جو رُکنیت کیلئے درخواست دیتی ہیں اور جن کا اندراج این پی سی کے رجسٹر پر کیا جاتا ھے۔ یہ اراکین تنظیم کے اندر ووٹ دینے کے حقوق سمیت رُکنیت کے تمام فوائد سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ این پی سی کے ایسوسی ایٹ اراکین بھی ہوتے ہیں۔ اس قسم کی رُکنیت میں وہ افراد یا گروہ شامل ہیں جو این پی سی کے مقاصد کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں لیکن پیرنٹ ایسوسی ایشنز نہیں ہوتے۔ ایسوسی ایٹ اراکین ُفل اراکین نہیں ہوتے اور انہیں این پی سی کے اندر ووٹ ڈالنے کے حقوق حاصل نہیں ہوتے اگرچہ وہ رکنیت کے دیگر فوائد سے مستفید ہونے کے اہل ہیں۔

### ضلعی شاخیں (کاؤنٹی برانچز)

این پی سی کی ضلعی شاخ ایک ایسا بنیادی ڈھانچہ ہے جس کے ذریعے والدین اور کاؤنٹی میں موجود پیرنٹ ایسوسی ایشنز اپنے بچوں کیلئے ممکنہ حد تک بہترین تعلیم کے حصول کیلئے مل **بیٹھ** کر اکٹھے کام کر سکتے ہیں۔ این پی سی کی رُکن پیرنٹ ایسوسی ایشنز اپنی کاؤنٹی کی شاخ کے اجلاسات میں شرکت کر سکتی ہیں۔ کاؤنٹی کی سطح پر والدین بچوں کی تعلیم کے بارے میں تبادلۂ خیالات کرتے ہیں، اپنے تجربات میں ایک دوسرے کو شریک کرتے ہیں، بچوں، اساتذہ اور والدین کے درمیان شراکت قائم کرتے ہیں اور مقامی اور قومی اہمیت کے حامل تعلیمی امور کو زیرِ بحث لاتے ہیں۔ کاؤنٹیاں اپنے منتخب اسمبلی اراکین کے ذریعے مقامی والدین کی آراء، خیالات اور پریشانیوں کی قومی سطح تک منتقلی کا ذریعہ ہیں۔

**کمبائنڈ کاؤنٹی پیرنٹس ایسوسی ایشن گروپ**

این پی سی کی رُکن پیرنٹ ایسوسی ایشنز یا ُفل اراکین جن کی اپنی کاؤنٹی میں کوئی شاخ نہ ہو کمبائنڈ کاؤنٹی پیرنٹس ایسوسی ایشن گروپ (کاؤنٹی کی پیرنٹس ایسوسی ایشنز کا مشترکہ گروپ) کا رُکن بن سکتی ہیں۔ یہ گروپ اپنی آراء کی نمائندگی کی غرض سے این پی سی اسمبلی کیلئے والدین کو نامزد کر سکتا ھے۔ اس گروپ کے ذریعے والدین بچوں کی تعلیم کے بارے میں تبادلۂ خیالات کرتے ہیں، ایک دوسرے کے سامنے اپنے تجربات بیان کرتے ہیں اور اہم تعلیمی امور کو زیر بحث لاتے ہیں۔ یہ گروپ اپنے منتخب کردہ اسمبلی اراکین کے ذریعے والدین کی آراء، خیالات اور پریشانیوں کو قومی سطح تک رسائی فراہم کرتا ھے۔ اس گروپ کے اراکین کو اپنے علاقے میں کاؤنٹی شاخیں قائم کرنے کیلئے این پی سی کا تعاون حاصل ہو سکتا ھے۔

**اسمبلی**

اسمبلی افراد کی وہ جماعت ھے جس کا تعلق ابتدائی طور پر این پی سی کی تعلیمی پالیسی وضع کرنے کے ساتھ ھے اور کاؤنٹی کی ہر شاخ اسمبلی میں بیٹھنے کیلئے دو نمائندگان کا انتخاب کر سکتی ھے۔ اسمبلی میں این پی سی سپیشل انٹریسٹ گروپس (این پی سی کے خاص دلچسپی کے گروہ) کے اراکین شامل ہوتے ہیں اور کمبائنڈ کاؤنٹی پیرنٹس ایسوسی ایشن گروپ بھی اسمبلی کیلئے نمائندگان کا انتخاب کر سکتا ھے۔ اسمبلی کے اراکین سال میں کم از کم تین مرتبہ ملاقات کرتے ہیں اور این پی سی کی تعلیمی پالیسی وضع کرنے والی جماعت ہونے کی حیثیت سے یہ بات نہایت اہم ھے کہ اسمبلی مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے والدین کی آراء کی نمائندہ ہو۔ اسمبلی کو اور بھی کئی کام سرانجام دینے ہوتے ہیں جن میں سے ایک ضرورت کے مطابق این پی سی بورڈ کے الیکشن کیلئے اپنے اراکین میں سے چند ایک کے نام پیش کرنا ھے۔ اس کے بعد این پی سی کے اراکین بورڈ کے اراکین کیلئے ووٹ ڈالتے ہیں۔

**سپیشل انٹریسٹ گروپس**

این پی سی کے سپیشل انٹریسٹ گروپس ہوتے ہیں جو مندرجہ ذیل سے تعلق رکھنے والے بچوں کے والدین کی نمائندگی کرتے ہیں۔

(الف) مسافر کمیونٹی
(ب) مہاجر کمیونٹی
(ت) اِنٹیگریٹڈ سکولوں (انٹیگریٹڈ سکول ایسا سکول ہوتا ھے جس میں کیتھولک اور پراٹسٹنٹ دونوں فرقوں سے تعلق رکھنے والے والدین کے بچے زیر تعلیم ہوں) میں تعلیم حاصل کرنے والے مخصوص تعلیمی سہولیات کے محتاج
(ث) سپیشل سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے مخصوص تعلیمی سہولیات کے محتاج
(ج) آئرش میڈیم سکولوں میں تعلیم حاصل کرنے والے
(ح) مذہبی اقلیت سے تعلق رکھنے والے

ضرورت پڑنے پر اور این پی سی بورڈ کی منظوری سے وقتاً فوقتاً ان گروپوں میں مزید گروپ شامل کئے جا سکتے ہیں۔

ہر سپیشل انٹریسٹ گروپ اپنی آراء کی قومی سطح پر نمائندگی کے عمل کو آسان بنانے کی خاطر این پی سی اسمبلی کیلئے ایک نمائندے کا انتخاب کر سکتا ھے۔

**بورڈ آف ڈائریکٹرز**

این پی سی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی نامزدگی اسمبلی کی رُکنیت کی طرف سے ہوتی ھے اور این پی سی کے اراکین اس کا انتخاب ایک عمومی اجلاس میں کرتے ہیں۔ بورڈ این پی سی کے تمام کاموں کو کنٹرول کرنے کا ذمہ دار ہوتا ھے۔

## این پی سی کی خدمات

این پی سی کی خدمات کا مقصد والدین کو اس قابل بنانا ھے کہ وہ اپنے بچوں کی ابتدائی اور پرائمری تعلیم کے تمام پہلوؤں میں اُن کی مدد اور حوصلہ افزائی کر سکیں۔

**معلومات/ہیلپ لائن**

این پی سی انفارمیشن/ہیلپ لائن والدین کیلئے ایک بااعتماد قومی سروس ہے۔ ہیلپ لائن پر موجود عملہ والدین کی بات کو سنتا ہے اور اپنے بچوں کیلئے اور بچوں کے ساتھ مل کربہترین فیصلے کرنے میں والدین کو معلومات اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ ہیلپ لائن سوموار سے جمعہ تک صبح 9 بجے سے لے کر سہ پہر 3.30 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کی تعلیم کے کسی بھی پہلو کے بارے میں **کچھ** پوچھنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی انفارمیشن/ہیلپ لائن پر رابطہ کریں۔ ٹیلی فون: 01-8874477 - ای میل: helpline@npc.ie - این پی سی کی ویب سائٹ www.npc.ie پر متعدد بار پوچھے جانے والے سوالات (اور اُن کے جوابات) بھی موجود ہیں۔

درج ذیل اُن معاملات کی اقسام ہیں جن سے انفارمیشن/ہیلپ لائن افسران کا اکثر واسطہ پڑتا ھے:

- پیرنٹ ایسوسی ایشنز کا قیام
- سکول میں نگرانی اور حفاظت
- غنڈہ گردی و دھونس
- سکول کی سواری
- ہوم ورک
- بیمہ (انشورنس)
- سکول کی وردیاں
- سکول کی پالیسیاں
- شکایات کا طریقہ کار
- پورے سکول کا معائنہ

**ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام**

این پی سی ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام (این پی سی کا تربیتی اور ترقیاتی پروگرام) والدین کیلئے تربیت، ترقی اور معاونت کا قومی پروگرام ھے۔ اس کا مقصد والدین کو اپنے بچے کی تعلیم میں ایک فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ھے۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن ٹریننگ پیرنٹ ایسوسی ایشنز کی سکول کمیونٹی کے اندر مؤثر انداز میں کام کرنے میں مدد کرتی ھے۔ این پی سی کے دیگر تربیتی پروگرام والدین کو پرائمری تعلیم کے دوران اپنے بچوں کی پُشت پناہی کرنے کے قابل بناتے ہیں۔

مزید معلومات ہماری ویب سائٹ www.npc.ie پر دستیاب ہے یا 01-8874475 یا ای میل training@npc.ie پر ہم سے رابطہ کر کے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**ویب سائٹ**

این پی سی کی ویب سائٹ www.npc.ie کا مقصد پرائمری تعلیم کے بارے میں والدین کو معلومات فراہم کرنا ھے۔ یہ ویب سائٹ:

- تعلیمی معاملات کے بارے میں خبروں کے ذریعے والدین کو تازہ ترین معلومات فراہم کرتی ھے۔
- متعدد بار پوچھے جانے والے سوالات کے جوابات فراہم کرتی ھے۔
- والدین کو پرائمری تعلیم سے متعلقہ معاملات کے بارے میں این پی سی کو اپنی آراء سے آگاہ کرنے کا موقع فراہم کرتی ھے۔
- این پی سی کے تربیتی پروگراموں کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرتی ھے۔
- این پی سی کی اشاعتوں کو مہیا کرتی ھے جو ڈاؤن لوڈ یا خریدی جا سکتی ہیں۔
- مہاجر والدین کیلئے (عربی، چینی، فرانسیسی، روسی اور اردو) پانچ زبانوں میں معلومات فراہم کرتی ھے۔

مندرجہ بالا تین خدمات کے علاوہ این پی سی درج ذیل میں بھی سرگرم کردار ادا کرتی ہے۔

**والدین کی حمایت اور نمائندگی کرنا**

این پی سی والدین سے مشاورت کرتی ھے اور اُنکی آراء کو (عمومی اجلاس یا پارلیمنٹ میں ہونے والے) تعلیمی مباحثے تک لاتی ھے۔

**پیرنٹ ایسوسی ایشنز کی ترقی میں معاونت اور سہولت فراہم کرنا**

این پی سی سکولوں میں پیرنٹ ایسوسی ایشنز کو ترقی دینے کیلئے والدین کو معاونت اور سہولت فراہم کرتی ہے اور کاؤنٹی کی سطح پر والدین کیلئے معاونتی نظاموں کا اہتمام کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

# باب نمبر 10 ۔ متعدد بار پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)

مندرجہ ذیل سوالات اُن معاملات کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو بعض اوقات غلط فہمی پیدا کرتے ہیں۔

سوال۔ بورڈ آف مینجمنٹ کیا ھے؟

جواب۔ بورڈ آف مینجمنٹ سکول کے/کی سرپرست کی طرف سے سکول کو چلاتا ھے اور طلباء کے فائدے کیلئے کام کرتا ھے۔ اس کا کام اس بات کو یقینی بنانا ھے کہ سکول کا نظم و نسق مؤثر انداز میں چل رہا ھے اور سکول تمام طلباء کو اچھی تعلیم فراہم کر رہا ھے۔

بورڈ آف مینجمنٹ میں والدین کے نمائندگان، اساتذہ، سرپرست یا متولین، پرنسپل اور کمیونٹی (کے افراد) شامل ہوتے ہیں۔ آپ بورڈ آف مینجمنٹ کے بارے میں مزید جاننے کیلئے این پی سی کی اشاعت **"The Board of Management in Your Primary School – A Guide for Parents"** کا مطالعہ کر سکتے ہیں جو کہ www.npc.ie پر دستیاب ھے یا این پی سی کے دفتر سے حاصل کی جا سکتی ھے۔ ٹیلی فون: 01 887 4034

سوال۔ کیا سربراہِ مدرسہ (پرنسپل) یا کسی مقرر کردہ استاد/استانی کو پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اجلاسات میں شرکت کرنی چاہئے؟

جواب۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کسی بھی ایسے شخص کو اپنے اجلاسات میں مدعو کرنے کا حق رکھتی ھے جو سکول کمیونٹی میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کے کام میں گراں قدر اضافے کا باعث بن سکتا ہو۔ سکول میں پرنسپل کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ھے۔ وہ سکول کے روز مرہ کے نظم و نسق کا/کی ذمہ دار ہوتا/ہوتی ھے اور ایک اہم قائدانہ کردار ادا کرتا/کرتی ھے۔ پرنسپل سے اس بات کی توقع بھی کی جاتی ھے کہ وہ سکول کی ضروریات کو سب سے زیادہ سمجھتا/سمجھتی ھے اور جانتا/جانتی ھے کہ کیا کوئی تجویز قابل عمل ھے کہ نہیں۔

لہٰذا یہ بات نہایت اہم ھے کہ والدین کی تنظیم اور پرنسپل ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے ایک اچھا تعلق قائم کریں اور ایک دوسرے تک اپنی بات کے ابلاغ کیلئے اُن کے پاس ایک ایسا اچھا نظام موجود ہو جس میں کسی چیز پر نظر ثانی کے طریقہ ہائے کار اُس کے اندر ہی اُس کے لازمی حصہ کے طور پر شامل ہوں۔

اس نظام میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- پیرنٹ ایسوسی ایشن کی سرگرمیوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرنے اور سکول کے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تبادلۂ معلومات کیلئے پرنسپل کو سارا سال متعلقہ اجلاسات میں شرکت کی دعوت دینا
- جس اجلاس میں پرنسپل شرکت نہ کرے اُس اجلاس سے پہلے اور بعد میں پیرنٹ ایسوسی ایشن کا/کی سربراہ (اور سیکرٹری) پرنسپل (اور ڈپٹی پرنسپل) سے ملاقات کر سکتے ہیں
- پرنسپل کا دعوت نامے کے ذریعے پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اجلاسات کے صرف باہمی رضامندی سے طے کردہ متعلقہ حصے میں شرکت کرنا
- پرنسپل کی رضامندی سے اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کی طرف سے دعوت نامے کے ذریعے پرنسپل کا پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تمام اجلاسات میں شرکت کرنا
- پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کی جانب سے سکول کی پالیسی کے مختلف پہلوؤں کے متعلق اکٹھی کی جانے والی والدین کی آراء کے بارے میں تحریری یا زبانی خیالات کا اظہار کرنا مثلاً مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط، (سکول میں بچوں کے ساتھ دوسرے بچوں کی طرف سے کی جانے والی ) غنڈہ گردی یا دھونس، ہوم ورک، سکول کی وردی وغیرہ

اہم نکتہ یہ ھے کہ اچھے تعلقات کیلئے تبادلۂ خیالات کا بکثرت اور بلا روک ٹوک ہونا لازمی ھے۔

سوال۔ اگر پرنسپل یا کسی استاد/استانی کے بچے سکول میں زیر تعلیم ہوں تو کیا اُسے پیرنٹ ایسوسی ایشن کا رُکن بننے کا حق حاصل ہے؟

جواب۔ جی ہاں۔ یہ بات قابل توجہ ھے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کے تمام اراکین بشمول سٹاف کے وہ اراکین جو والدین بھی ہوں اس حقیقت کو سمجھیں کہ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے معاملات میں اُن کی شرکت صرف اور صرف والد یا والدہ کی حیثیت سے ہوتی ھے نہ کہ سٹاف ممبر کی حیثیت سے۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے باقی ماندہ اراکین کو اس بات کی حقیقت کو نہ صرف تسلیم کرنا چاہئے بلکہ اس کا احترام بھی کرنا چاہئے۔

سوال۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کے اجلاسات کہاں منعقد ہونے چاہئیں؟
جواب۔ والدین کی تنظیم کے تمام اجلاسات سکول میں منعقد ہونے چاہئیں اور اس کیلئے بورڈ آف مینجمنٹ کی جانب سے اطمینان بخش سہولیات فراہم کی جانی چاہئیں۔ اس بات کی یقین دہانی کیلئے انتظامات کئے جانے چاہئیں کہ سکول کے سکول کے روزمرہ کے امور میں کوئی خلل واقع نہ ہو۔ سکول کی حفاظت کیلئے مناسب اقدامات کئے جانے چاہئیں۔

سوال۔ کیا پیرنٹ ایسوسی ایشن کو سکول کی پالیسیاں وضع کرنے کے عمل میں شریک ہونا چاہئے؟
جواب۔ جب سکول کی پالیسیاں وضع کی جا رہی ہوں اُ س وقت والدین سے مشاورت ضروری ہے۔ ایسی کوئی بھی سکول کی پالیسی وضع کرتے وقت والدین کی شمولیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہئے جو براہِ راست بچوں یا خود اُن پر اثر انداز ہوتی ہو مثلاً مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط، اچھی صحت سے متعلق کھانے پینے کی عادات، غنڈہ گردی و دھونس سے بچاؤ، موبائل فون کا استعمال، ہوم ورک وغیرہ۔ تمام پالیسیاں والدین کو دستیاب ہونی چاہئیں۔

سوال۔ کیا اس میں نصابی پالیسیاں شامل ہیں؟
جواب۔ اس بات سے آگاہ رہنا ضروری ہے کہ نصاب محکمہ تعلیم اور سائنس کی طرف سے تجویز کیا جاتا ہے نہ کہ سکول کی جانب سے اور سکول کی نصابی پالیسیاں اس بارے میں ہوتی ہیں کہ سکول تجویز کردہ نصاب کو کیسے نافذ کرے گا۔ سکول کیلئے نصابی پالیسیاں وضع کرنے کے عمل میں تدریسی عملہ مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ بورڈ آف مینجمنٹ کے اراکین بشمول اس میں شامل والدین کے نمائندگان پورے سکول کی نصابی منصوبہ بندی کے عمل میں اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں اور اکثر ڈالتے بھی ہیں۔ پرائمری سکول کریکیولم (پرائمری سکول کا نصاب) 1999 والدین کیلئے اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ادا کرنے کیلئے گنجائش فراہم کرتا ہے۔

والدین اور طلباء کو نصاب پر نظر ثانی اور اسکے جائزے کے عمل میں اپنا حصہ ڈالنا چاہئے اور والدین کی معاونت کے حصول کیلئے منصوبہ بندی کرنے میں والدین کو سرگرمی سے حصہ لینا چاہئے۔

" والدین سکول میں اپنے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے ایک بڑا تعاون کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں نصاب کے نفاذ میں تعاون کے سلسلے میں ایک منفرد کردار دیا گیا ہے۔ والد یا والدہ کو اس عمل میں کئی طریقوں سے شامل ہونے کیلئے حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ سکول کا منصوبہ اُن طریقوں کی شناخت کرے گا جن کے ذریعے والدین کو نصاب کیلئے باقاعدہ انتظامی منصوبہ بندی میں شریک کیا جا سکتا ہے۔ اس میں کسی بچے کے دادا/دادی/نانا/نانی کا آنا اور تاریخ کے نصاب کے ایک حصے کے طور پر کسی کلاس کے سامنے اپنے ماضی کے تجربات بیان کرنا شامل ہو سکتا ہے۔ اس میں والدین کو بعد از سکول سرگرمیوں کے انعقاد یا نگرانی میں مدد کیلئے بھی شامل کیا جا سکتا ہے، مثلاً مقامی ماحول کا تفصیلی جائزہ لینا۔" ***Primary School Curriculum - Your child's learning, Guidelines for Parents (1999)***

سوال۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کے افسران بننے کیلئے نئے اراکین کی ہمت افزائی کیسے کی جا سکتی ہے؟
جواب۔ فرائض کی ادائیگی میں دوسروں کی شمولیت کی گنجائش رکھنا کمیٹی کے بہت سے اراکین کی (کمیٹی کے معاملات میں) شرکت میں مدد کر سکتا ہے۔ کمیٹی کے نئے اراکین کو تجربہ اور اعتماد فراہم کرنے کیلئے ظلی یا ماتحت عہدے مثلاً نائب سربراہ، اسسٹنٹ سیکرٹری اور اسسٹنٹ خزانچی وغیرہ تخلیق کئے جا سکتے ہیں۔

سوال۔ سکول کا مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط کیا ہے؟
جواب۔ یہ ایک دستاویز ہے قانون جس کا تقاضا کرتا ہے اور یہ سکول کمیونٹی کے تمام اراکین سے جس طرز عمل اور رویّے کی توقع کی جاتی ہے اُ س کے اہم نکات کو بیان کرتی ہے۔

ایجوکیشن (ویلفئیر) ایکٹ 2000 (ضمیمہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں) کی دفعہ 23 کے تحت، ہر سکول کے بورڈ آف مینجمنٹ کیلئے لازمی ہے کہ وہ اپنے طلباء کیلئے ایک مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط تیار اور فراہم کرے۔ ایکٹ اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ سکول کا مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط نیشنل ایجوکیشنل ویلفئیر بورڈ (NEWB) کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق تیار کیا جائے۔ مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط سکول کی سماجی اخلاقیات، تعلقات، پالیسیوں، طریقہ ہائے کار اور ایسے طرز عمل کو فروغ دینے میں سکول کمیونٹی کی مدد کرتا ہے جو اچھے رویّے کی حوصلہ افزائی کرے اور ناقابل قبول رویّے کی روک تھام کرے۔ مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط ایک مسرّت بخش، مؤثر اور محفوظ سکول کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ مل جُل کر کام کرنے میں اساتذہ، دیگر سٹاف اراکین، طلباء اور والدین کی مدد کرتا ہے۔

مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط سکول کمیونٹی کے تمام اراکین بشمول طلباء اور والدین کی مشاورت سے تیار کیا جانا چاہئے۔ سکول کے ہر بچے کے والدین کو مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط کی ایک نقل موصول ہونی چاہئے جس پر اُنہیں اُس وقت دستخط کرنے کیلئے کہا جا سکتا ھے جب اُن کا بچہ سکول میں تعلیم کا آغاز کرے۔

**سوال۔** کیا پیرنٹ ایسوسی ایشن کیلئے کوئی ہدایات موجود ہیں جن کی کسی مقرر کی خدمات حاصل کرتے وقت پیروی کی جانی چاہئے؟

**جواب۔** کسی مقرر کا انتظام کرنے کا مقصد بچوں کی پرائمری تعلیم کے پورے عرصے کے دوران والدین کو معاونت فراہم کرنا ہونا چاہئے۔ مقرر کی تلاش کرتے وقت اس بات کو یقینی بنانا ضروری ھے کہ وہ اپنے خاص میدان میں یا اپنے خاص موضوع کے بارے میں خاطر خواہ علم اور مہارت رکھتا ہو۔ متعلقہ مقامی مقررین کی تلاش میں مقامی تنظیموں سے رابطہ کرنا اکثر مفید ثابت ہو سکتا ھے۔ تنظیموں کی فہرست کیلئے ضمیمہ نمبر 4 ملاحظہ فرمائیں۔ اس بات کو یقینی بنانا ضروری ھے کہ آپ شرکت کرنے والے والدین پر کسی قسم کا منافع حاصل کرنے کی غرض سے اثر انداز نہیں ہو رہے۔ پیرنٹ ایسوسی ایشن کمیٹی کو مقرر سے پیشگی معاوضہ طے کر لینا چاہئے۔ وقت سے پہلے یہ بات بھی مقرر پر واضح کر دی جانی چاہئے کہ گفتگو سے کس مقصد کے حصول کی امید ھے۔ مثال کے طور پر، تعلیمی نصاب پر گفتگو کے دوران والدین:

- پرائمری سکول کے اُس نصاب کے بارے میں بصیرت (واقفیت) حاصل کریں گے جس کی پیروی اُن کا بچہ کر رہا ھے
- یہ سیکھیں گے کہ بچوں کی تعلیم کے تمام پہلوؤں میں کس طرح اُن کی بہترین انداز میں ہمت افزائی کی جا سکتی ھے

کمیٹی کو خطاب سے پہلے مقرر سے ملاقات اور اُن کا استقبال کرنے کے انتظامات کرنے چاہئیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ محفل گفتگو کا/کی سربراہ مقرر کا نام اور اُنہیں متعارف کروانے کا طریقہ جانتا/جانتی ہو۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ مقرر کو اُن کے خطاب کیلئے مختص وقت کے بارے میں آگاہ کر دیا گیا ھے۔ مقرر سے اس بات پر اصرار کریں کہ وقت کا **کچھ** حصہ تبادلۂ خیالات اور سوالات کیلئے دستیاب کیا جانا چاہئے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ مقرر شرکاء کیلئے اہم نکات تحریری شکل میں فراہم کرے تو اس بات کی نشاندہی کریں۔

# ضمیمہ جات

## ضمیمہ نمبر *1* ۔ ایجوکیشن ایکٹ *1998* سے اقتباسات

**والدین**

2. - (1) لفظ **" پیرنٹ "** میں درج ذیل لوگ شامل ہیں۔
رضاعی ماں یا باپ، 1964 تا 1997 تک کے بچوں کی سرپرستی سے متعلقہ گارڈئین شپ آف چلڈرن ایکٹ کے تحت نامزد کردہ سرپرست یا والدین کی جگہ کوئی دوسرا شخص جو کسی قانونی اختیار یا عدالت کے حکم نامے کے مطابق اپنی سرپرستی میں کوئی بچہ رکھتا ہو۔ اگرکوئی بچہ 1952 تا 1998 تک کے تبنیت (اڈاپشن) ایکٹ کے تحت گود لیا گیا ھے یا بیرون ملک سے بچہ گود لیا گیا ھے تو ایسی صورت میں پیرنٹ سے مراد گود لینے والا یا والے یا بقیدِ حیات گود لینے والا/والی ھے۔

**نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس**

2. - (1) "نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس" سے مُراد والدین کی قائم کردہ افراد کی ایسی تنظیم یا کوئی دوسری جماعت ھے جو چند مخصوص مقاصد کے حصول کیلئے قائم کی گئی ہو۔ ان مقاصد میں تعلیم سے متعلقہ والدین کی آراء اور دلچسپیوں کی نمائندگی، والدین کو حاصل حقوق کے استعمال میں والدین کی مدد اور اپنے بچوں کے تعلیمی عمل میں کردار ادا کرنا جیسے مقاصد شامل ہیں۔ یہ:

(الف) قومی بنیادوں پر قائم اور منظم کی جاتی ھے اور اس کے اراکین ریاست کے کافی بڑے حصّے میں پھیلے ہوئے ہیں، اور

(ب) وقتی طور پر اس ایکٹ کے مقاصد کیلئے وزیر (منسٹر) کی طرف سے تسلیم شدہ ھے، بشمول نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری اور نیشنل پیرنٹس کاؤنسل (پوسٹ پرائمری) لمیٹڈ جو وقتی طور پر اس حیثیت میں تسلیم شدہ ہیں

**پیرنٹ ایسوسی ایشنز (والدین کی تنظیمیں)**

26. - (1) کسی تسلیم شدہ سکول کے طلباء کے والدین اس سکول کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کر سکتے ہیں اور خود میں سے ہی (اراکین کا انتخاب کر کے) اسے قائم **رکھ** سکتے ہیں اور اُس تنظیم کی رُکنیت کے دروازے اُس سکول کے طلباء کے تمام والدین کیلئے کھُلے ہوں گے۔

(2) پیرنٹ ایسوسی ایشن بورڈ، پرنسپل، اساتذہ اور سکول کے طلباء کے تعاون سے سکول میں طلباء کی دلچسپیوں کو فروغ دے گی اور اس مقصد کیلئے پیرنٹ ایسوسی ایشن

(الف) سکول سے متعلقہ کسی بھی معاملے میں پرنسپل یا بورڈ کو مشورہ دے سکتی ھے اور متعلقہ پرنسپل یا بورڈ اس طرح کے کسی بھی مشورے کا احترام کرے گا/گی اور

(ب) ایسی سرگرمیوں پر مشتمل پروگرام اختیار کر سکتی ھے جو پرنسپل کے مشورے سے سکول کو چلانے میں والدین کی شرکت کو فروغ دے گا۔

(3) بورڈ سکول، اُس سکول کے طلباء کے والدین اور کمیونٹی کے درمیان رابطے کو فروغ دے گا اور پیرنٹ ایسوسی ایشن قائم کرنے کے خواہشمند والدین کو اور پیرنٹ ایسوسی ایشن کے قیام کے بعد خود ایسوسی ایشن کو سہولیات اور ہر طرح کی معقول معاونت فراہم کرے گا۔

(4) (الف) پیرنٹ ایسوسی ایشن اپنے اراکین سے مشاورت کے بعد اپنے اجلاسات، کام اور اپنے معاملات کے اُسلوب کے بارے میں قواعد وضع کرے گی۔

(ب) جہاں پیرنٹ ایسوسی ایشن کا الحاق نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس (والدین کی قومی تنظیم) سے ہو وہاں قواعد جن کا حوالہ پیرا (الف) میں ھے نیشنل ایسوسی ایشن آف پیرنٹس کی منِسٹر کی اتفاق رائے سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق ہوں گے۔

**پرنسپل (سربراہِ ادارہ)**

23. - (2) دفعہ 22 کے تحت درج پرنسپل کے فرائض کے علاوہ پرنسپل:

(الف) اساتذہ اور سکول سٹاف کے دوسرے افراد کی راہنمائی کرنے اور انہیں ہدایات دینے سمیت سکول کے روز مرہ کے نظم و نسق کا/کی ذمہ دار ہو گا/گی اور اس نظم و نسق کیلئے بورڈ کے سامنے جوابدہ ہو گا/گی

(ب) اساتذہ اور سکول کے سٹاف اور طلباء کو قیادت فراہم کرے گا/گی

(ت) بورڈ، طلباء کے والدین اور اساتذہ کے ساتھ ایک ایسا ماحول تخلیق کرنے کا/کی ذمہ دار ہو گا/گی جو طلباء کے مابین سیکھنے کے عمل میں ممد و معاون ہو اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ نشوونما کو فروغ دے

(ث) بورڈ کی ہدایت کے تحت اور اساتذہ، والدین اور مناسب عمر اور تجربے کے حامل طلباء کی مشاورت سے سکول کیلئے اہداف مقرر کرے گا/گی اور اُن اہداف کے حصول کی نگرانی کرے گا/گی، اور

(ج) سکول کے طلباء کے والدین کی اُن طلباء کے تعلیمی معاملات اور سکول کے اہداف کے حصول میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرے گا/گی۔

**انسپکٹوریٹ**

13. - (1) منسٹر ایک چیف انسپکٹر یا اگر منسٹر مناسب سمجھے تو بہت سے انسپکٹروں کی تقرری کرے گا/گی اور چیف انسپکٹر اور انسپکٹر حضرات کا اس ایکٹ میں مجموعی طور پر "انسپکٹوریٹ" کے نام سے ذکر کیا اور حوالہ دیا جائے گا۔

(2) منسٹر ذیلی دفعہ (1) کے تحت انسپکٹروں کے طور پر مقرر کئے جانے والوں میں اُن افراد کو شامل کرے گا/گی جو سند یافتہ ماہر نفسیات ہوں یا جو خاص تعلیمی سہولیات کے محتاج (معذور) طلباء کی تعلیم میں مہارت سمیت دیگر مہارتیں رکھتے ہوں۔

(3) انسپکٹر کے فرائض یہ ہوں گے:

(الف) تعلیم کی فراہمی سے متعلق معاملات میں تسلیم شدہ سکولوں، تعلیمی مراکز اور اساتذہ کو مشورہ اور معاونت فراہم کرنا اور مذکورہ بالا کی عمومیت کے ساتھ کسی قسم کا تعصب رکھے بغیر انسپکٹر

(i) اپنے دور انسپکٹوریٹ کے آغاز پر تسلیم شدہ سکولوں اور تعلیمی مراکز کا دورہ کرے گا اور بورڈ، سکول کے سرپرست، طلباء کے والدین اور اساتذہ کی مشاورت سے جیسے مناسب ہو مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک یا سارے کام کرے گا

a. اُن سکولوں اور مراکز کے نظم و نسق اور کام کرنے کے طریقہ کار، اُن سکولوں اور مراکز میں فراہم کی جانے والی تعلیم کے معیار اور کارگری اور ہر استاد/استانی کی تعلیمات کے معیار اور کارگری کا معائنہ کرے گا۔

b. ایسے سکولوں اور مراکز میں تعلیمی معیارات کا معائنہ کرے گا
c. ایسے طلباء جو معذور ہیں یا جو مخصوص تعلیمی سہولیات کے محتاج ہیں اُن کے حوالے سے سوچے گئے تعلیمی پروگراموں کے نفاذ اور کارگری کا جائزہ لے گا
d. منسٹر کی جانب سے جاری کردہ ہدایات اور ضابطوں کی تعمیل کا جائزہ لے گا، اور
e. دی گئی ہدایات کے مطابق اور جیسے مناسب ہو، اِن معاملات اور اُن سکولوں اور مراکز کی سرگرمیوں سے متعلقہ کسی بھی معاملے اور اُن سکولوں اور مراکز میں زیرِ تعلیم طلباء کی ضرورتوں کے بارے میں منسٹر یا بورڈ، سکول کے سرپرست، طلباء کے والدین اور اساتذہ کو رپورٹ پیش کرے گا۔

**بورڈز آف مینجمنٹ** (انتظامیہ کی جماعتیں)

21. - (1) بورڈ اپنی تقرری کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو ایک منصوبے کی تیاری کیلئے انتظامات کرے گا (اس حصے میں اس سے مُراد سکول کا منصوبہ (سکول پلان) ہے) اور اس منصوبے پر باقاعدگی کے ساتھ نظر ثانی اور اس کی ترتیبِ نو کو یقینی بنائے گا۔

(2) سکول کا منصوبہ سکول تک رسائی اور سکول کے معاملات میں بلا تفریق شرکت سے متعلقہ سکول کے مقاصد اور اُن اقدامات کو بیان کرے گا جنہیں سکول اُن مقاصد کے حصول کیلئے تجویز کرتا ہے۔ ان میں اُن طلباء کی سکول تک رسائی اور سکول کے معاملات میں بلا تفریق شرکت سے متعلقہ مقاصد شامل ہیں جن کو کوئی معذوری لاحق ہو یا جو مخصوص تعلیمی سہولیات کے محتاج ہوں۔

(3) سکول کا منصوبہ ان ہدایات کے مطابق تیار کیا جائے گا۔ ان میں والدین، سکول کے/کی سرپرست، سٹاف اور سکول کے طلباء سے مشاورت کے متعلق وہ ہدایات بھی شامل ہیں جو سکول کے منصوبے کے بارے میں منسٹر کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری ہو سکتی ہیں۔

(4) بورڈ سکول کے منصوبے کی نقول کی سکول کے سرپرست، والدین، اساتذہ اور سکول سٹاف کے دیگر اراکین تک ترسیل کیلئے انتظامات کرے گا۔

## ضمیمہ نمبر 2 - ایجوکیشن (ویلفئیر) ایکٹ 2000 سے اقتباسات

دفعہ (2) 23

مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط مندرجہ ذیل کی صراحت کے ساتھ وضاحت کرے گا:

(الف) رویّے اور طرز عمل کے معیارات جن کی پیروی سکول میں زیر تعلیم ہر طالب کرے گا

(ب) اقدامات جو کئے جا سکتے ہیں اُس صورت میں جب کوئی طالب علم اُن معیارات کی پیروی کرنے میں ناکام رہے یا اُن کی پیروی کرنے سے انکار کر دے

(ت) کسی طالب علم کو متعلقہ سکول سے معطل یا خارج کئے جانے سے پہلے کے طریقہ ہائے کار برائے عمل درآمد

(ث) کسی طالب علم کے حوالے سے نافذ کردہ معطلی کو ختم کرنے کی وجوہات

(ج) کسی بچے کی سکول سے غیر حاضری کے اطلاع نامے سے متعلق طریقہ ہائے کار برائے عمل درآمد

ان شرائط کی تعمیل اور اسکے مقاصد کے بہترین حصول کیلئے مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط کو مندرجہ ذیل کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔

- رویّے اور طرز عمل کے معیارات جن کی پیروی سکول میں متوقع ہوتی ھے
- اچھے رویّے کے فروغ کیلئے منصوبہ بندی
- طریقہ ہائے کار جن کے ذریعے سکول ناقابل قبول رویّے کا جواب دیتا ھے
- مجموعۂ اخلاقی قواعد و ضوابط کے نفاذ کیلئے منصوبہ بندی
- سکول سے معطلی اور اخراج کیلئے سکول کے طریقہ ہائے کار

## ضمیمہ نمبر 3 ۔ قانون مساوات

**ہر شہری کو یکساں درجہ دیے جانے کیلئے کی گئی قانون سازی**

ایکویل سٹیٹس ایکٹ The Equal Status Act 2000 ، ایکویلیٹی ایکٹ The Equality Act 2004 سے ترمیم کردہ، پرائمری اور پوسٹ پرائمری سکولوں پر لاگو ہوتا ہے۔ یہ ایکٹ:

- مواقع کی بلا تفریق فراہمی کو فروغ دیتے ہیں
- نو مخصوص بنیادوں پر (نسلی) امتیاز/تفریق کی ممانعت کرتے ہیں (استثنائی صورتیں ہو سکتی ہیں)
- کسی انسان کو جنسی طور پر اور نسلی تفریق کی بنیادوں پر ہراساں کئے جانے کی ممانعت کرتے ہیں
- معذور افراد کیلئے معقول گنجائش کا تقاضا کرتے ہیں اور
- بہت سی مثبت کاروائیوں کی گنجائش کو ملحوظ رکھتے ہیں

یہ ایکٹ مندرجہ ذیل 9 بنیادوں پر (نسلی) امتیاز/تفریق سے متعلق ہیں۔
جنس، ازدواجی حیثیت، خاندانی حیثیت، عمر، نسل، مذہب، معذوری، جنسی میلان اور مسافر کمیونٹی کی رُکنیت۔

یہ ایکٹ بہت سے مثبت عملی اقدامات کی گنجائش کو ملحوظ رکھتے ہیں۔ یہ ایکٹ کسی بھی ایسے شخص کو سزا/بدسلوکی/جوابی کاروائی کا نشانہ بنانے کی ممانعت کرتے ہیں جو (نسلی) امتیاز/تفریق کے خلاف شکایت کرے، یا ایسے اقدامات کی مخالفت کرے جو ہر شہری کو یکساں درجہ دینے کیلئے کی گئی قانون سازی کے تحت ناجائز ہوں، یا جو ایکویل سٹیٹس ایکٹس 2000 تا 2004 کے تحت کاروائی میں شہادت دے یا اس بات کی اطلاع دے کہ وہ متذکرہ کاموں میں سے کسی کا ارادہ رکھتا ہو۔

## ضمیمہ نمبر 4 ۔ مفید سرنامیے

این پی سی یہ تجویز پیش کرتی ہے کہ پیرنٹ ایسوسی ایشنز سرنامیوں اور مخففات کے استعمال سے اجتناب کریں اور سیدھی سادھی زبان استعمال کرتے ہوئے اور اپنے پیغامات و اطلاعات کو مؤدبانہ، غیر مبہم اور واضح رکھتے ہوئے موادات پیش کریں۔ تاہم یہ بات قابل توجہ ہے کہ تعلیمی کمیونٹی میں سرنامیوں کو کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لئے ہم نے آپ کی معلومات کیلئے ان کی ایک فہرست یہاں شامل کر دی ہے۔

| | |
|---|---|
| BOM | Board of Management (بورڈ آف مینجمنٹ) |
| COGG | Comhairle um Oideachas Gaeltachta & Gaelscolaíochta |
| CPSMA | Catholic Primary School Managers Association (کیتھولک پرائمری سکول مینیجرز ایسوسی ایشن) |
| DES | Department of Education and Science (ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ سائنس) |
| INTO | Irish National Teachers Organisation (آئرش نیشنل ٹیچرز آرگنائزیشن) |
| NABMSE | National Association of Boards of Management in Special Education (نیشنل ایسوسی ایشن آف بورڈز آف مینجمنٹ اِن سپیشل ایجوکیشن) |
| NALA | National Adult Literacy Agency (نیشنل ایڈلٹ لٹریسی ایجنسی) |
| NCCA | National Council for Curriculum and Assessment (نیشنل کاؤنسل فار کریکیولم اینڈ اسیسمنٹ) |
| NCSE | National Council for Special Education (نیشنل کاؤنسل فار سپیشل ایجوکیشن) |
| NCTE | National Centre for Technology in Education (نیشنل سنٹر فار ٹیکنالوجی اِن ایجوکیشن) |
| NEPS | National Educational Psychological Service (نیشنل ایجوکیشنل سائکالوجیکل سروس) |
| NEWB | National Educational Welfare Board (نیشنل ایجوکیشنل ویلفئیر بورڈ) |
| NPC | National Parents Council Primary (نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پرائمری) |
| NPC PP | National Parents Council Post Primary (نیشنل پیرنٹس کاؤنسل پوسٹ پرائمری) |
| NPSA | National Parents and Siblings Alliance (نیشنل پیرنٹس اینڈ سبلِنگز الائنس) |
| PA | Parent Association (پیرنٹ ایسوسی ایشن) |

## ضمیمہ نمبر 5 ۔ معلومات کے ذرائع

### انتظامی ادارے

**Catholic Primary School Managers Association (CPSMA)**
New House, St. Patrick's College, Maynooth, Co. Kildare.

کیتھولک پرائمری سکول مینیجرز ایسوسی ایشن

نیو ہاؤس، سینٹ پیٹرکس کالج، مے نوتھ، کاؤنٹی کِلڈئیر

ٹیلی فون:2462 629 01 - مفت فون: 200 407 1850- فیکس: 2654 629 01

ای میل: info@cpsma.ie - ویب سائٹ: www.cpsma.ie

**Church of Ireland Board of Education**
Church of Ireland House, Church Avenue, Rathmines, Dublin 6

چرچ آف آئرلینڈ بورڈ آف ایجوکیشن

چرچ آف آئرلینڈ ہاؤس، چرچ ایونیو، ریتھمائنز، ڈبلن 6

ٹیلی فون: 8422 497 01

**Educate Together**
(Multidenominational schools)
H8a Centrepoint, Oak Drive, Dublin 12.

ایجوکیٹ ٹوگیدر

(ملٹی ڈی نومی نیشنل سکولز)

ایچ 8 اے سنٹر پوائنٹ، اوک ڈرائیو، ڈبلن 12

ٹیلی فون: 2500 429 01 - فیکس: 2502 429 01- ای میل: info@educatetogether.ie - ویب سائٹ: www.educatetogether.ie

**Foras Pátrúnachta na Scoileanna Lán Ghaeilge**
92 Bóthar Seannaigh, Rath Éanaigh, Baile Átha Cliath 5.

فون/فیکس: 4487 831 01 - ای میل: foraspatrunachta@hotmail.com - ویب سائٹ: www.foras.ie

**Islamic Foundation of Ireland**
163 South Circular Road, Dublin 8.

اسلامک فاؤنڈیشن آف آئرلینڈ

163 ساؤتھ سرکیولر روڈ، ڈبلن 8

ٹیلی فون: 3242 453 01 یا 8276 473 01 - فیکس: 2785 453 01 - ویب سائٹ: www.islaminireland.com

**National Association of Boards of Management in Special Education (NABMSE)**
Kildare Education Centre, Friary Road, Kildare Town.

نیشنل ایسوسی ایشن آف بورڈز آف مینجمنٹ اِن سپیشل ایجوکیشن

کِلڈئیر ایجوکیشن سنٹر، فرائیرے روڈ، کِلڈئیر ٹاؤن

ٹیلی فون: 533753 045 - فیکس: 533681 045 - ای میل: nabmse1@eircom.net - ویب سائٹ: www.nabmse.org/index.html

## معلومات کے مزید ذرائع (انگریزی حروفِ تہجی کی ترتیب کے لحاظ سے)

**Anti-bullying Centre**
Department of Teacher Education, Room 4048/4049, Arts Building, Trinity College, Dublin 2.

### اینٹی بُلی اِنگ سنٹر

ڈیپارٹمنٹ آف ٹیچر ایجوکیشن، روم (کمرہ) 4048/4049، آرٹس بلڈ نگ، ٹرینیٹی کالج، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 3488 896 / 2573 896 01 - ای میل: lmcguire@tcd.ie - ویب سائٹ: www.abc.tcd.ie

**Association of Refugees and Asylum Seekers in Ireland, (ARASI)**
Promoting positive inter-cultural relations and to support integration for persons with refugee status
213 North Circular Road, Dublin 7.

### ایسوسی ایشن آف ریفیوجیز اینڈ اسائلم سیکرز اِن آئرلینڈ

(یہ تنظیم مثبت بین الثقافتی تعلقات کو فروغ دے رہی ہے اور پناہ گزین کی حیثیت حاصل کرنے والے افراد کے باہمی میل جول میں تعاون کرتی ھے)

ٹیلی فون: 1142 838 01 - ای میل: arasi_@eircom.net - فیکس: 1143 838 01 - ویب سائٹ: www.arasi.org

**Citizens Information**

### سٹیزنز انفارمیشن

سٹیزنز انفارمیشن کی فون لائن پر سوموار سے جمعہ (سوائے عوامی چھٹیوں کے دنوں کے) صبح **9** بجے سے رات **9** بجے تک فون کیا جا سکتا ھے۔ آئرلینڈ کے اندر سے گھر کا فون استعمال کرتے ہوئے کی جانی والی سبھی فون کالز پر مقامی ریٹ لاگو ہوتے ہیں۔ موبائل فون سے کی جانی والی کالز پر مزید خرچہ اُٹھانا پڑ سکتا ھے۔

سستی کال کا نمبر: 121 777 1890 - ای میل: information@citizensinformation.ie - ویب سائٹ: www.citizensinformation.ie

**Citizens Information Board**
Ground Floor, George's Quay House, 43 Townsend St, Dublin 2.

### سٹیزنز انفارمیشن بورڈ

گراؤنڈ فلور، جارجز کی ھاؤس، ٹاؤن سینڈ سٹریٹ، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 9000 605 01 - فیکس: 9099 605 01 - ویب سائٹ: www.citizensinformationboard.ie

**Comhluadar**
7 Sráid Lombard Thoir, Baile Átha Cliath 2
ٹیلی فون: 5116 671 01 - فیکس: 0477 671 01 - ای میل: eolas@comhluadar.ie - ویب سائٹ: www.comhluadar.ie

**Chomhairle um Oideachas Gaeltachta & Gaelscolaíochta, An**
22 Plás Mhic Liam, Baile Átha Cliath 2
ٹیلی فون: 0831 634 01 - فیکس: 1002 634 01 - ای میل: eolas@cogg.ie - ویب سائٹ: www.cogg.ie

**Department of Education and Science**

Marlborough Street, Dublin 1.

ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ سائنس

مارلبورو سٹریٹ، ڈبلن 1

ٹیلی فون: 01 889 6400 - ای میل: info@education.gov.ie - ویب سائٹ: www.education.ie

**Eagraíocht na Scoileanna Gaeltachta Teo**
Baile Bhuirne, Maigh Chromtha, Co. Chorcaí
ٹیلی فون: 026 65885 - فیکس: 026 65809 - ای میل: eolas@esg.ie

**Equality Authority, The**
2 Clonmel Street, Dublin 2

ایکویلیٹی اتھارٹی

2 کلون مِل سٹریٹ، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 01 417 3336 - فیکس: 01 417 3331 - ای میل: info@equality.ie - ویب سائٹ: www.equality.ie

**Gaelscoileanna Teo**
Halla Naomh Phádraig, Institiúid Oideachais Marino,
Ascaill Uí Ghríofa, Baile Átha Cliath 9.
ٹیلی فون: 01 853 5195 - فیکس: 01 853 5119 - ای میل: oifig@gaelscoileanna.ie - ویب سائٹ: www.gaelscoileanna.ie

**Health & Safety Authority**
Head Office, The Metropolitan Building, James Joyce Street, Dublin 1.

ہیلتھ اینڈ سیفٹی اتھارٹی

ہیڈ آفس، دی میٹروپولیٹن بلڈنگ، جیمز جائس سٹریٹ، ڈبلن 1

سستی کال کا نمبر: 389 289 1890 - (صبح 9 تا شام 5 - سوموار تا جمعہ)

ٹیلی فون: 1 614 7000 - فیکس: 01 614 7020 - ای میل: wcu@hsa.ie - ویب سائٹ: http://www.hsa.ie/eng/

**Immigrant Council of Ireland**
2 St Andrew Street, Dublin 2.

امیگرنٹ کاؤنسل آف آئرلینڈ

2 سینٹ اینڈریو سٹریٹ، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 01 674 0202 - ای میل: admin@immigrantcouncil.ie - ویب سائٹ: www.immigrantcouncil.ie

**Indian Punjabi Society of Ireland**
C/o Simi Sim Communications
38 Aungier Street, Dublin 2.

انڈین پنجابی سوسائٹی آف آئرلینڈ

معرفت: سِمی سِم کمیونیکیشنز

38 آنگئیر سٹریٹ، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 01 475 9792 - رابطہ - ڈاکٹر جے۔ایس پوری (موبائل): 086-2465919 یا مسٹر چڈّھا: 086-8239947

**Irish National Teachers Organisation**

INTO, 35 Parnell Square, Dublin 1.

آئرش نیشنل ٹیچرز آرگنائزیشن

آئی این ٹی او، 35 پارنل سکوئیر، ڈبلن 1

سستی کال کا نمبر: 08 87 70 1850 - ٹیلی فون: 7700 804 01 - فیکس: 2462 872 01 - ای میل: info@into.ie - ویب سائٹ: www.into.ie

**Irish Traveller Movement**
4/5 Eustace Street, Dublin 2.

آئرش ٹریولر موومنٹ

4/5 یوسٹیس سٹریٹ، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 6577 679 01 - فیکس: 6578 679 01 - ای میل: itmtrav@indigo.ie - ویب سائٹ: www.itmtrav.ie

**Jesuit Refugee Service Ireland**
13 Gardiner Place, Dublin 1.

جی سوٹ ریفیوجی سروس آئرلینڈ

13 گارڈینر پلیس، ڈبلن 1

ٹیلی فون: 8644 814 01 - فیکس: 4680 873 01 - ویب سائٹ: www.jrs.ie

**National Adult Literacy Agency**
76 Lower Gardiner Street, Dublin 1

نیشنل ایڈلٹ لٹریسی ایجنسی

76 لوئر گارڈینر سٹریٹ، ڈبلن 1

ٹیلی فون: 4332 855 01 - فیکس: 5475 855 01 - ای میل: admin@nala.ie - ویب سائٹ: www.nala.ie

**National Centre for Technology in Education**
Dublin City University, Glasnevin, Dublin 9.

نیشنل سنٹر فار ٹیکنالوجی اِن ایجوکیشن

ڈبلن سٹی یونیورسٹی، گلاسنیون، ڈبلن 9

ٹیلی فون: 8200 700 01 - فیکس: 8210 700 01 - ای میل: info@ncte.ie

ویب سائٹ: www.ncte.ie (نیشنل سنٹر فار ٹیکنالوجی اِن ایجوکیشن)

ویب سائٹ: www.scoilnet.ie (نیٹ ورک فار آئرش سکولز)

**National Council for Curriculum and Assessment (NCCA)**
24 Merrion Square, Dublin 2.

نیشنل کاؤنسل فار کریکیولم اینڈ اسیسمنٹ

24 میرئن سکوئیر، ڈبلن 2

ٹیلی فون: 7177 661 01 - فیکس: 7180 661 01 - ای میل: info@ncca.ie - ویب سائٹ: www.ncca.ie

**National Council for Special Education**

1-2 Mill Street, Trim, Co. Meath.

نیشنل کاؤنسل فار سپیشل ایجوکیشن

1-2 مِل سٹریٹ، ٹرم، کاؤنٹی **میتھ**

ٹیلی فون: 6400 948 046 - فیکس: 6404 948 046 - ای میل: info@ncse.ie - ویب سائٹ: www.ncse.ie

**National Educational Psychological Service (NEPS)**
Frederick Court, 24 - 27 North Frederick Street, Dublin 1.

نیشنل ایجوکیشنل سائکالوجیکل سروس

فریڈرک کورٹ، 27-24 نار**تھ** فریڈرک سٹریٹ، ڈبلن 1

ٹیلی فون: 2700 889 01 - فیکس: 2755 889 01 - ای میل: neps@neps.gov.ie

**National Educational Welfare Board** (NEWB)
16 - 22 Green Street, Dublin 7.

نیشنل ایجوکیشنل ویلفئیر بورڈ

16-22 گرین سٹریٹ، ڈبلن 7

ٹیلی فون: 8700 873 01 - تعلیمی ہیلپ لائن: 66 36 36 1890 - فیکس: 8799 873 01 - ای میل: info@newb.ie - ویب سائٹ: www.newb.ie

**National Parents and Siblings Alliance**
31, Magenta Hall, Santry, Dublin 9.

نیشنل پیرنٹس اینڈ سِبلِنگز الائنس
31 میجنٹا ہال، سینٹری، ڈبلن 9
ٹیلی فون: ,4100 862 01 - ای میل: npsa@eircom.net - ویب سائٹ: www.npsa.ie

**National Parents Council – Post Primary**
Unit 5 Glasnevin Business Centre, Ballyboggan Road, Dublin 11.

نیشنل پیرنٹس کاؤنسل - پوسٹ پرائمری

یونٹ 5 - گلاسنیون بزنس سنٹر، بیلی بوگن روڈ، ڈبلن 11

ٹیلی فون: 2740/47 830 01 - فیکس: 2752 830 01 - ای میل: npcpp@eircom.net - ویب سائٹ: www.npcpp.ie

**Office of the Minister for Children and Youth Affairs**
Hawkins House, Dublin 2.

آفس آف دی منسٹر فار چلڈرن اینڈ یوتھ افئیرز
ہاکِنز ہاؤس، ڈبلن 2
ٹیلی فون: 4000 635 01 - فیکس: 3223 674 01 - ای میل: omcya@health.gov.ie - ویب سائٹ: www.omcya.ie
سٹوڈنٹ کاؤنسلوں کے بارے میں معلومات کیلئے ٹیلی فون نمبر: 3219 674 01

**Ombudsman for Children**

Ombudsman for Children's Office, Millennium House, 52-56 Great Strand Street, Dublin 1.

محتسب برائے اطفال (اومبڈسمَین فار چلڈرن)

اومبڈسمَین فار چلڈرنز آفس، میلینیم ہاؤس، 56-52 گریٹ سٹرینڈ سٹریٹ، ڈبلن 1

ٹیلی فون: 6800 865 01 یا مفت فون: 40 20 20 1800 - ای میل: oco@oco.ie - ویب سائٹ: www.oco.ie

**Primary Professional Development Service (PPDS)**
14 Joyce Way, Park West Business Park, Nangor Road, Dublin 12.

پرائمری پروفیشنل ڈویلپمنٹ سروس

14 جائس وے، پارک ویسٹ بزنس پارک، نینگور روڈ، ڈبلن 12

ٹیلی فون: 8587 435 01 - فیکس: 8596 435 01 - ای میل: eolas@ppds.ie - ویب سائٹ: www.ppds.ie

**Relationship and Sexuality Education Support Service**
Education Centre, Drumcondra, Dublin 9.

ریلیشن شپ اینڈ سیکشوئیلیٹی ایجوکیشن سپورٹ سروس

ایجوکیشن سنٹر، ڈرمکونڈرا، ڈبلن 9

ٹیلی فون: 6422 857 01 - ای میل: info@ecdrumcondra.ie

**Teaching Council, The**
Block A, Maynooth Business Campus, Maynooth, Co. Kildare.

ٹیچنگ کاؤنسل

بلاک اے، مے نو**تھ** بزنس کیمپس، مے نو**تھ**، کاؤنٹی کلڈئیر

سستی کال کا نمبر: 224 224 1890 - ٹیلی فون: 7900 651 01 - فیکس: 7901 651 01

ای میل: info@teachingcouncil.ie - ویب سائٹ: www.teachingcouncil.ie